۷۸۶

بفرمائش

## شیخ مبارک علی تاجر کتب

اندرون لوہاری دروازہ لاہور

سنہ ۱۹۲۸ء

(مطبوعہ کریمی پریس لاہور باہتمام میر قدرت اللہ پرنٹر و منیجر)

طبع دوم　　قیمت فی جلد　　۱/

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## ردیف الف

مقدور ہمیں کب ترے وصفوں کی رقم کا
حقا کہ خداوند ہے تو لوح و قلم کا

اس مسند عزت پہ کہ تو جلوہ نما ہے
کیا تاب گذر ہووے تعقل کے قدم کا

بستے ہیں ترے سایہ میں سب شیخ و برہمن
آباد تجھی سے ہے تو گھر دیر و حرم کا

ہے خوف اگر جی میں تو ہے تیرے غضب سے
اور دل میں بھروسا ہے تو ہے تیرے کرم کا

مانند حباب آنکھ تو اے درد کھلی تھی
کھینچا نہ پر اس بحر میں عرصہ کوئی دم کا

---

ماہیتوں کو روشن کرتا ہے نور تیرا
اعیان ہیں مظاہر ظاہر ظہور تیرا

یاں افتقار کا تو امکان سبب ہوا ہے
ہم ہوں نہ ہوں ولے ہے ہونا ضرور تیرا

باہر نہ آسکے تو قید خودی سے اپنی
اے عقل بے حقیقت دیکھا شعور تیرا

ہے جلوہ گاہ تیرا کیا غیب کیا شہادت
یاں بھی شہود تیرا واں بھی حضور تیرا

جھکتا نہیں ہمارا دل تو کسی طرف سے
جی میں سما رہا ہے از بس غرور تیرا

اے درد منبسط ہے ہر سو کمال تیرا
نقصان گر تو دیکھے تو ہے قصور تیرا

---

مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بت خانہ تھا
ہم سبھی مہمان تھے واں تو ہی صاحب خانہ تھا

وائے نادانی کہ وقت مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

حیف کہتے ہیں ہوا گلزار تاراج خزاں
آشنا اپنا بھی واں اک سبزۂ بیگانہ تھا

ہو گیا مہمان سرائے کثرت موہوم آہ
وہ دل خالی جو تیرا خاص خلوت خانہ تھا

بھول جا خوش رہ عبث وہ سابقے مت یاد کر
درد یہ مذکور کیا ہے آشنا تھا یا نہ تھا

کبھو خوش بھی کیا ہے دل کسی رند شرابی کا
بھڑا وے منہ سے منہ ساقی ہمارا اور گلابی کا

چھپے ہرگز نہ مثل بو وہ پردوں کے چھپائے سے
مزا پڑتا ہے جس گل پیرہن کو بے حجابی کا

شرارہ برق کی سی بھی نہیں یاں فرصت ہستی
فلک نے ہم کو سونپا کام جو کچھ تھا شتابی کا

میں اپنا درد دل چاہا کہوں جس پاس عالم میں
بیان کرنے لگا قصہ وہ اپنی ہی خرابی کا

کبود چرخ دیکھا تو سواری کے نہیں قابل
مہ نو سے ہے پیدا عیب اس کی بدرکابی کا

زمانے کی نہ دیکھی جرعہ ریزی درد کچھ تو نے
ملایا مثل مینا خاک میں خون ہر شرابی کا

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا
جی نہ ہے یار ہے مجھ کو ادھر دیکھنا

گرچہ نہ خورشید رویت ہے مرے سامنے
تو بھی بسر نہیں بھر کے نظر دیکھنا

سو بھی نہ تو کوئی دم دیکھ سکا اے فلک
اور تو یاں کچھ نہ تھا ایک مگر دیکھنا

ذکر وفا کیجئے اس سے جو واقف نہ ہو
کہتے ہو کس سے یہ تم ٹک تو ادھر دیکھنا

مثل شرر تنگ چشم ہستی بے بود ہے
دیکھ نہ سکتا اسے ٹک بھی جاہر دیکھنا

نالۂ دل کا اثر دیکھ لیا درد بس
جی ہی رہ نہ جائے یہ آہ بھی کر دیکھنا

اکسیر پہ مہوس اتنا نہ ناز کرنا
بہتر ہے کیمیا سے دل کا گداز کرنا

کب دل ملے کسی کا ہم غنچہ دوں سے مل کر
ہے اپنے دل سے لازم جوں غنچہ ساز کرنا

اے آنسوؤ نہ آوے کچھ دل کی بات منہ پر
لڑکے ہو تم کہیں مت افشائے راز کرنا

تو اپنے ہاتھوں آپ ہی پڑتا ہے تفرقہ میں
اے امتیاز ناداں ٹک امتیاز کرنا

ہم جانتے نہیں ہیں اے درد کیا ہے کعبہ
جیدھر ملے وہ ابرو ادھر نماز کرنا

مثل نگیں جو ہم سے ہوا کام رہ گیا
ہم روسیاہ جاتے رہے نام رہ گیا

یارب یہ دل ہے یا کوئی مہمان سرائے
غم رہ گیا کبھو کبھو آرام رہ گیا

ساقی مرے بھی دل کی طرف ٹک نگاہ کر
لب تشنہ تیری بزم میں یہ جام رہ گیا

سو بار سوز عشق نے دی آگ پر ہنوز
دل وہ کباب ہے کہ جگر خام رہ گیا

ہم کب کے چل بسے تھے پر اے مژدۂ وصال
کچھ آج ہوتے ہوتے سرانجام رہ گیا

مدت سے وہ تپاک تو موقوف ہو گئے
اب گاہ گاہ بوسہ بہ پیغام رہ گیا

ازبسکہ ہم نے حرف دوئی کا اٹھا دیا
اے درد اپنے وقت میں ابہام رہ گیا

---

جگ میں آ کر ادھر ادھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

جان سے ہو گئے بدن خالی
جس طرف تو نے آنکھ بھر دیکھا

نالہ فریاد آہ اور زاری
آپ سے ہو سکا سو کر دیکھا

ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

زور عاشق مزاج ہے کوئی
درد کو قصہ مختصر دیکھا

---

عاشق بے دل تراپاں تک تو جی سے سیر تھا
زندگی کا اس کو جو دم تھا دم شمشیر تھا

کی تو تھی تاثیر آہ آتشیں نے اس کو بھی
جب تلک پہنچے ہی پہنچے آگ کا یاں ڈھیر تھا

حرص کرواتی ہے روبہ بازیاں سب ورنہ یاں
اپنے اپنے بوریے پر جو گدا تھا شیر تھا

اشک نے میرے ملائے کتنے ہی دریا کے پاٹ
دامن صحرا میں ورنہ اس قدر کب گھیر تھا

شیخ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشت دل میں ہو
درد منزل ایک تھی ٹک راہ ہی کا پھیر تھا

---

کام یاں جس نے جو کہ ٹھہرایا
جب تلک ہووے آپ کام آیا

بے طرح کچھ الجھ گیا تھا دل
بے وفائی نے تیری سلجھایا

آنسو کب تک کوئی پئے جاوے
اس محبت نے جی بہت کھایا

دشمنی نے سنا نہ ہووے گا
جو ہمیں دوستی نے دکھلایا

ہم نہ کہتے تھے منہ نہ چڑھ اس کے
درد کچھ عشق کا مزا پایا

اگر یوں ہی یہ دل ستاتا رہیگا
تو اک دن مرا جی ہی جاتا رہیگا

میں جاتا ہوں دل کو ترے پاس چھوڑے
مری یاد تجھ کو دلاتا رہے گا

گلی سے تری دل کو لے تو چلا ہوں
میں پہونچونگا جب تک یہ آتا رہیگا

جفا سے غرض امتحان وفا ہے
تو کہہ کب تلک آزماتا رہے گا

قفس میں کوئی تم سے اے ہمصفیرو
خبر گل کی ہم کو سناتا رہے گا

خفا ہو کے اے درد مر تو چلا تھا
کہاں تک غم اپنا چھپاتا رہے گا

جی میں ہے سیر عدم کیجئے گا
یک بیک خلق سے رم کیجئے گا

سور و قہر تو یاں ہم ہی ہیں
اور کس پر یہ کرم کیجئے گا

سخت بے باک ہے یہ خامۂ شوق
اپنے ہاتھوں کو قلم کیجئے گا

ٹک بھی گردوں نے اگر فرصت دی
عیش کو کشتۂ غم کیجئے گا

گرمی اشک سے مانند شراب
آب و آتش کو بہم کیجئے گا

سینۂ و دل کے تپش داغوں سے
رشک گلزار ارم کیجئے گا

قصد ہے قطع بطور مستاں
عرصۂ دیر و حرم کیجئے گا

پھر جب آدیگی جی میں جوں برق
راہ طے اک دو قدم کیجئے گا

شدت مہر بتاں دل سے آہ
درد کس طرح سے کم کیجئے گا

ہم نے کس رات نالہ سر نہ کیا
پر اسے آہ نے اثر نہ کیا

سب کے ہاں تم ہوئے کرم فرما
اس طرف کو کبھو گذر نہ کیا

کیوں بھویں تانتے ہو بندہ نواز
سینہ کس وقت میں سپر نہ کیا

کتنے بندوں کو جان سے کھویا
کچھ خدا کا بھی تم نے ڈر نہ کیا

دیکھنے کو رہے ترستے ہم
نہ کیا رحم تو نے پر نہ کیا

آپ سے ہم گذر گئے کب کے
کیا ہے ظاہر میں گو سفر نہ کیا

کونسا دل ہے وہ کہ جس میں آہ
خانہ آباد تو نے گھر نہ کیا

تجھ سے ظالم کے سامنے آیا
جان کا میں نے کچھ خطر نہ کیا

سب کے جوہر نظر میں آئے دردؔ
بے ہنر تو نے کچھ ہنر نہ کیا

قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے تو یہ دستور نہ تھا

رات مجلس میں ترے حسن کے شعلے کے حضور
شمع کے منہ پہ جو دیکھا تو کہیں نور نہ تھا

ذکر میرا ہی وہ کرتا تھا صریحاً لیکن
میں جو پہنچا تو کہا خیر یہ مذکور نہ تھا

باوجودیکہ پر و بال نہ تھے آدم کے
وہاں پہنچا کہ فرشتے کا بھی مقدور نہ تھا

پرورش غم کی ترے یاں تئیں تو نے دیکھا
کوئی بھی داغ تھا سینے میں کہ ناسور نہ تھا

دردؔ کے ملنے سے اے یار برا کیوں مانا
اس کو کچھ اور سوا دید کے منظور نہ تھا

جگ میں کوئی نہ ٹک ہنسا ہوگا
کہ نہ ہنسنے میں رو دیا ہوگا

اس نے قصداً بھی میرے نالے کو
نہ سنا ہوگا گر سنا ہوگا

دیکھیے غم سے اب کے جی میرا
نہ بچے گا بچے گا کیا ہوگا

دل زمانے کے ہاتھ سے سالم
کوئی ہوگا کہ رہ گیا ہوگا

حال مجھ غم زدے کا جس جس نے
جب سنا ہوگا رو دیا ہوگا

دل کے پھر زخم تازے ہوتے ہیں
کہیں غنچہ کوئی کھلا ہوگا

یک بیک نام لے اٹھا میرا
جی میں کیا اس کے آ گیا ہوگا

### قطعہ

میرے نالوں پہ کوئی دنیا میں
بن کیے آہ کم رہا ہوگا

لیکن اس پر اثر خدا جانے
نہ ہوا ہوگا یا ہوا ہوگا

قتل سے میرے وہ جو باز رہا
کسی بدخواہ نے کہا ہوگا

دل بھی اے دردؔ قطرۂ خوں تھا
آنسوؤں میں کہیں گرا ہوگا

تو اپنے دل سے غیر کی الفت نہ کھو سکا
میں چاہوں اور کو تو یہ مجھ سے نہ ہو سکا

رکھتا ہوں ایسے طالع بیدار میں کہ رات
ہمسایہ میرے نالوں کی دولت نہ ہو سکا

گو نالہ نارسا ہو نہ ہو آہ میں اثر
میں نے تو در گذر نہ کی جو مجھ سے ہو سکا

وحشت عدم میں جا کے نکالوں گا جی کا غم
کنج جہاں میں کھول کے دل میں نہ رو سکا

جوں شمع روتے روتے ہی گذری تمام عمر
تو بھی تو درد داغ جگر میں نہ دھو سکا

اندازہ وہ ہی سمجھے مرے دل کی آہ کا
زخمی جو کوئی ہوا ہو کسی کی نگاہ کا

زاہد کو ہم نے دیکھ لیا جوں نگیں بعکس
روشن ہوا ہے نام تو اس روسیاہ کا

ہر چند فسق میں تو ہزاروں ہیں لذتیں
لیکن عجب مزا ہے فقط دل کی چاہ کا

لیکن ازل سے تا بہ ابد ایک آب ہے
گر درمیان حساب نہ ہو سال و ماہ کا

رحمت قدم نہ رنجہ کرے گر تیری ادھر
یا رب ہے کون پھر تو ہمارے گناہ کا

دل اس قرہ سے رکھیو نہ تو چشم راستی
اے بے خبر برا ہے یہ فرقہ سپاہ کا

شاہ و گدا سے اپنے تئیں کام کچھ نہیں
نے تاج کی ہوس نہ ارادہ کلاہ کا

سو بار دیکھیں میں نے تری بے وفائیاں
تس پر بھی نت غرور ہے دل میں نباہ کا

اے درد چھوڑتا ہی نہیں مجھ کو جذب عشق
کچھ کہربا سے بس نہ چلے برگ کاہ کا

دل کس کی چشم مست کا سرشار ہو گیا
کس کی نظر لگی جو یہ بیمار ہو گیا

کچھ ہے خبر تجھے بھی کہ اٹھ اٹھ کے رات کو
عاشق تری گلی میں کئی بار ہو گیا

بیٹھا تھا خضر آ کے مرے پاس ایکدم
گھبرا کے اپنی زیست سے بیزار ہو گیا

چاک جگر تو سینکڑوں خاطر میں کچھ نہ تھے
دل کی تپش کے آگے میں ناچار ہو گیا

کھٹکی کبھو دلوں میں نہ تیری صدا جرس
نالہ مرا تو چھوٹتے ہی پار ہو گیا

اے درد ہم سے یار ہے اب تو سلوک میں
خط زخم دل کو مرہم زنگار ہو گیا

تم نے تو ایک دن بھی نہ ایدھر گذر کیا — ہم نے ہی اس جہان سے آخر سفر کیا
جن کے سبب سے دیر کو تو نے کیا خراب — اے شیخ اُن بتوں نے مرے دل میں گھر کیا
تیرے سبب سے اور بھی مجھ پر غضب ہوا — اے نالہ واہ خوب یہ تو نے اثر کیا
کم فرصتی نے ہستیٔ بے اعتبار کی — شرمندہ تیرے آگے ہمیں اے شرر کیا
پیکان دل کے ساتھ ہوا جب معاوضہ — سینہ سے تب خدنگ نے تیرے گذر کیا

روتا ہے گرم جوشی مے یاد کرکے درد
آتش نے مجھ کو شمع کے مانند تر کیا

شب گذری اور آفتاب نکلا — تو گھر سے بھلا شتاب نکلا
اے آتش عشق جس کو ہم یاں — دل سمجھے تھے سو کباب نکلا
ایدھر کو جو مسکرا کے دیکھا — کچھ تو جی سے حجاب نکلا
ہر چند کئے ہزار نالے — پر دل سے نہ اضطراب نکلا

میخانۂ عشق میں تو اے درد
تجھ سا نہ کوئی خراب نکلا

مانند فلک دل متوطن ہے سفر کا — معلوم نہیں اسکا ارادہ ہے کدھر کا
جوں چاہئے اس طرح بیاں ہم سے نہ ہوگا — کر اپنے دہن ہی سے تو وصف اپنی کمر کا
آزاد کسی کی بھی اٹھاتے نہیں منت — دیکھا نہ کسی سرو کو منہ بار ثمر کا
بے جوں جگر داغ تو مر جا ہی چلے تھے — ہوتا نہ اگر چشمہ مرے دیدۂ تر کا

کہسار پہ ہر رنگ یہ کہتا تھا پکارے
اے درد مقر ہوں ترے نالوں کے اثر کا

ٹھہر جا اک بات کی بات اے صبا — کوئی دم کو ہم بھی ہونے ہیں ہوا
ہے نہ جاوے حرص اہل فقر کو — ہو سکے کب موج نقش بوریا
بات جب پہنچا ہیں اس کے روبرو — جوں زبان شمع گم تھا مدعا
کھل گیا جو کچھ کہ تھا اے نیستی — ہستی موہوم کا یاں افترا

درد میری بہرہ بخشی سے کیے تئیں
ڈھونڈھیو ہمسایۂ ظل ہما

کھلا دروازہ میرے دل پہ از بس اور عالم کا
نہ اندیشہ ہے شادی کا مجھے نے فکر ہے غم کا

بلند و پست سب ہموار ہیں اپنی نگاہوں میں
برابر ساز میں ہوتا ہے خون سر زیر اور بم کا

گلستان جہاں کی دید کیجو چشم عبرت سے
کہ ہر اک سرو قد ہے اس چمن میں نخل ماتم کا

چمن میں باغباں سے صبح کو کہتی تھی یہ بلبل
گلوں کے منہ پہ یوں چڑھتی ہے دیدہ دیکھ شبنم کا

نہیں مذکور شاہاں درد ہرگز اپنی مجلس میں
کبھی کچھ ذکر آیا بھی تو ابراہیم ادہم کا

سینہ و دل حسرتوں سے چھا گیا
بس ہجوم یاس جی گھبرا گیا

تجھ سے کچھ دیکھا نہ ہم نے جز جفا
پر وہ کیا کچھ ہے کہ جی کو بھا گیا

کھل نہیں سکتی ہیں اب آنکھیں مری
جی میں یہ کس کا تصور آ گیا

میں نے تو ظاہر نہ کی تھی دل کی بات
پر مری نظروں کے ڈھب سے پا گیا

پی گئی کتنوں کا لوہو تیری یاد
غم ترا کتنے کلیجے کھا گیا

مٹ گئی تھی اس کے جی سے تو جھجک
درد کچھ بک بک کے تو چونکا گیا

دنیا میں کون کون نہ یک بار ہو گیا
پر منہ پھر اس طرف نہ کیا اس نے جو گیا

پھرتی ہے میری خاک صبا در بدر لیے
اے چشم اشکبار یہ کیا تجھ کو ہو گیا

آگاہ اس جہاں سے نہیں غیر بیخوداں
جاگا وہی ادھر سے جو موند آنکھ سو گیا

طوفان نوح نے تو ڈبوئی زمیں فقط
میں ننگ خلق ساری خدائی ڈبو گیا

برہم کہیں نہ ہو گل و بلبل کی آشتی
ڈرتا ہوں آج باغ میں وہ تند خو گیا

واعظ کسے ڈرائے ہے یوم الحساب سے
گریہ مرا تو نامۂ اعمال دھو گیا

پھوٹے گی اس زبان میں گلزار معرفت
یاں میں زمین شعر میں یہ تخم بو گیا

آیا نہ اعتدال پہ ہرگز مزاج دہر
میں گرچہ گرم و سرد زمانہ سمو گیا

اے درد جس کی آنکھ کھلی اس جہاں میں
شبنم کی طرح جان کو اپنی وہ رو گیا

تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا
برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

مرا غنچۂ دل ہے وہ دل گرفتہ
کہ جس کو کسو نے کبھو وا نہ دیکھا

یگانہ ہے وہ آہ بیگانگی میں
کوئی دوسرا اور ایسا نہ دیکھا

اذیت مصیبت ملامت بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

کیا مجھ کو داغوں نے سرو چراغاں
کبھو تو نے آ کر تماشا نہ دیکھا

تغافل نے تیرے یہ کچھ دن دکھائے
ادھر تو نے لیکن نہ دیکھا نہ دیکھا

حجاب رخ یار تھے آپ ہی ہم
کھلی آنکھ جب کوئی پردہ نہ دیکھا

شب و روز اے درد درپے ہوں اس کے
کسو نے جسے یاں نہ سمجھا نہ دیکھا

نشہ کیا جانے وہ کہنے کو مے آشام ہے شیشا
جہاں میں دختر رز سے عبث بدنام ہے شیشا

صراحی و کدو تک خلق اے ساقی بھرے لے ہے
مگر اپنا ہی خالی جوں دل ناکام ہے شیشا

شب و روز اس طرح گزرے ہے اپنی تو نہ پوچھو کچھ
صراحی صبح کو گر ہاتھ ہے تو شام ہے شیشا

نگاہ مست ان آنکھوں کی ٹک ادھر بھی ہو ساقی
کہ ہم کم حوصلوں کے حق میں ہر اک جام ہے شیشا

نہ ہو گل گل شگفتہ کیونکہ دل اے درد مستوں کا
مے گلگوں کی دولت سر بسر گلفام ہے شیشا

تو بن کہے گھر سے کل گیا تھا
اپنا بھی تو جی نکل گیا تھا

اب دل کو سنبھالنا ہے مشکل
اگلے دنوں کچھ سنبھل گیا تھا

آنسو مرے جو انہوں نے پونچھے
کل دیکھ رقیب جل گیا تھا

پھر ہونے لگا یہ دل تو بے چین
کتنے روزوں بہل گیا تھا

بارے پھر مہرباں ہوا ہے
بے طرح سے کچھ مچل گیا تھا

شب تک جو ہوا تھا وہ ملائم
اپنا بھی تو جی پگھل گیا تھا

ہیں سامنے سے جو مسکرایا
ہونٹھ اُس کا بھی درد ہل گیا تھا

یوں ہی ٹھہری کہ ابھی جائیے گا
پھر شتابی تو بھلا آئیے گا

جی کی جی ہی میں نہ رکھ جائیے گا
بات جو ہو گی سو فرمائیے گا

رُخ ہمارا بھی اگر پائیے گا
تو تو منہ اپنا بھی دکھلائیے گا

میں جو پوچھا کبھو آؤ گے کہا
جی میں آجائے گا تو آئیے گا

کیونکہ گزرے گی بھلا دیکھوں گا
گر اسی طرح سے شرمائیے گا

میں خدا جانے یہ کیا دیکھوں ہوں
آپ کچھ جی میں نہ گھبرائیے گا

میرے سینے سے یہ بحث [illegible] ہو
پھر اکیلے بھی تو گھبرائیے گا

پوچھ کر حال تو پھر سنتے نہیں
آپ [illegible] اور نہ بکوائیے گا

کبھو ہم کو بھی بھلا کوچوں میں
پھر کہیں چلتے نظر آجائیے گا

زلف میں دل کو تو الجھاتے ہو
پھر اسے آپ ہی سلجھائیے گا

خدمت اوروں ہی کو فرماتے ہو
کبھو بندے کو بھی فرمائیے گا

قتل تو کرتے ہو مجھ کو لیکن
بہت سا آپ ہی پچھتائیے گا

حرم و دیر تو ہم چھان چکے
کہیں اُس کا بھی نشان پائیگا

درد ہم اس کو تو سمجھائیں گے پر
اپنے تئیں آپ بھی سمجھائیے گا

بظاہر کہیں غنچہ دل سے ملا تھا
کل اُس کا گریبان و دست قضا تھا

تمنا مرخص ہوئی نا امیدی
یہ کیا ہو گیا اور مرے دل میں کیا تھا

جو اس طرح غیروں سے ملتا پھرے ہے
کبھی تو ہمارا بھی وہ آشنا تھا

کہا میں مرا حال تم تک بھی پہنچا
کہا تب اچنبھا سا کچھ میں سنا تھا

برائی تری کچھ نہیں بات کیا ہے
مرا دل ہی یہ میرے حق میں برا تھا

تم آکر جو پہلے ہی مجھ سے ملے تھے
نگاہوں میں جادو سا کچھ کر دیا تھا

بلائیں جو کچھ اس کے ملنے سے دیکھیں
نہ ملتے تو اے درد اس سے بھلا تھا

اپنا تو نہیں یار میں کچھ یار ہوں تیرا
تو جس کی طرف ہو وے طرفدار ہوں تیرا
کڑھنے پہ مرے جی نہ کڑھا تیری بلا سے
اپنا تو نہیں غم مجھے غمخوار ہوں تیرا
تو چاہے نہ چاہے مجھے کچھ کام نہیں ہے
آزاد ہوں اس سے بھی گرفتار ہوں تیرا
تو ہو وے جہاں مجھ کو بھی ہونا وہیں لازم
تو گل ہے مری جان تو میں خار ہوں تیرا
ہے عشق سے میرے ہی ترے حسن کا شہرہ
میں کچھ نہیں پر گرمی بازار ہوں تیرا
میری بھی طرف تو کبھی آجا مرے یوسف
بوڑھیا کی طرح میں بھی خریدار ہوں تیرا

اے درد مجھے کچھ نہیں اب اور تو آزار
اس چشم سے کہہ دینا کہ بیمار ہوں تیرا

تو کب تئیں مجھ ساتھ مری جان ملیگا
ایسا بھی کبھو ہوگا کہ پھر آن ملیگا
چلئے کہیں اس جا پہ کہ ہم تم ہوں اکیلے
گوشہ نہ ملے گا کوئی میدان ملے گا
شیوہ نہیں اپنا تو عبث ہرزہ یہ بکنا
کچھ بات کہیں گے جو کوئی کان ملے گا
رو بیٹھے گا میری ہی طرح دین کو اپنے
کافر جو ترے ساتھ مسلمان ملے گا
نزدیک ہے پر اپنے بلانے سے کب آوے
مل جائیگا تو دور سے پہچان ملے گا
یوں وعدے ترے دل کی تسلی نہیں کرتے
تسکیں تبھی ہووے گی تو جس آن ملے گا

اے درد کہا میں نے تو جس سے کہ تیرا ہو
کہنے لگا تجھ سا کوئی انسان ملے گا

سحر ہوتے ہی اٹھ کر وہ جو گھر سے باہر آ نکلا
ادھر ہی اتفاقاً پھرتے پھرتے میں بھی جا نکلا
مرے دل کو جو تو ہر دم بھلا اتنا ٹٹولے ہے
تصور کے سوا تیرے بتا تو اس میں کیا نکلا
میں اپنا حال کہہ سارا جو پوچھا وعدہ آنے کا
کہا سن کے سب باتوں کو آخر مدعا نکلا
مری تعریف کی تھی اس سے بعضوں نے سو وہ سنکر
لگا کہنے جو سنتے تھے وہ اپنا آشنا نکلا
ملے ہے درد اسکے ساتھ تو دیکھا غریبی سے
گھمنڈ اس کے جو تھا جی میں سو اب شاید گیا نکلا

ترے کہنے سے میں ازبسکہ باہر ہو نہیں سکتا
ارادہ صبر کا کرتا تو ہوں پر ہو نہیں سکتا

کہا جب میں ترا بوسہ تو جیسے قند ہے پیارے
لگا تب کہنے پر قند مکرر ہو نہیں سکتا

دل آوارہ الجھے بال کسو کی زلف سے یا رب
علاج آوارگی کا اس سے بہتر ہو نہیں سکتا

مری بے صبریوں کی بات سن سب سے وہ کہتا ہے
تحمل مجھ سے بھی تو حال سن کر ہو نہیں سکتا

کرے کیا فائدہ ناچیز کو تقلید اچھوں کی
کہ نم جا نیسے کچھ اولا تو گوہر ہو نہیں سکتا

نہیں چلتا ہے کچھ اپنا تو تیرے عشق کے آگے
ہمارے دل پہ کوئی اور تو در ہو نہیں سکتا

ق
کہا میں یوں تو ملجاتے ہو آ کر بعد مدت کے
اگر چاہو تو یہ کیا تم سے اکثر ہو نہیں سکتا

لگا کہنے سمجھ اس بات کو ٹک تو کہ جلد اتنا
ترے گھر آنے جانے میں مرا گھر ہو نہیں سکتا

بچوں کس طرح میں اے درد اس کی تیغ ابرو سے
کہ جس کے سامنے آ کوئی جانبر ہو نہیں سکتا

جب تک ہے دل کے شیشہ میں رنگ امتیاز کا
ہے اے پری تجھی تئیں آئینہ ناز کا

جس کے حباب کے یہ سبھی ناز ہیں نیاز
دامن ہے ہاتھ میں مرے اس بے نیاز کا

ہے کوتہی اجل کی طرف سے ہی ورنہ میں
اک عمر سے اسیر ہوں زلف دراز کا

اے درد اس جہاں میں اگر صدا ہے غیب
بے پردہ ہوئے جس سے وہ پردہ ہے ساز کا

گل و گلزار خوش نہیں آتا
باغ بے یار خوش نہیں آتا

اے جنوں جیب میں ترے ہاتھوں
ایک بھی تار خوش نہیں آتا

کیا جفا کے سوا تجھے کچھ اور
اے ستمگار خوش نہیں آتا

درد ہم کو یہ رات دن تیرا
نالۂ زار خوش نہیں آتا

بھرا مے سے نہیں یہ نور سے معمور ہے شیشا
تجلی پر نظر کر اس کی کوہ طور ہے شیشا

شتابی میکدہ میں آ کہیں تجھ بن کر اے ساقی
پڑا ہے جام بے کیفیت و مخمور ہے شیشا

بغل میں اپنی بیٹھا ہے لئے یہ دختر رز کو
نہ پوچھو اس کو مینا دانۂ انگور ہے شیشا

بچایا محتسب کے ہاتھ سے اے درد میں لیکن
مرے دل کی طرح میری بغل میں چور ہے شیشا

اے شانہ تو نہ ہو جو دشمن ہمارے جی کا ‌ ‌ کہیں دیکھیو نہ ہووے زلفوں کا بال بیکا
پھیلا ہے کفر یاں تک کافر ترے سبب سے ‌ ‌ شمع حرم بھی دے ہے ماتھے پہ اپنے ٹیکا
گذرا تھا بعد مدت وہ سامنے سے ہو کر ‌ ‌ اے کوتہی نالہ یہ وقت تھا کسی کا
جوں شمع تو نے جیدھر نظریں اٹھا کے دیکھا ‌ ‌ پروانہ وار جی ہی جاتا رہا کسی کا

تو بھی نہ اگر ملا کرے گا ‌ ‌ عاشق پھر جی کے کیا کرے گا
اپنی آنکھوں اسے میں دیکھوں ‌ ‌ ایسا بھی کبھو خدا کرے گا
گر ہیں یہی ڈھنگ تیرے ظالم ‌ ‌ دیکھیں گے کوئی وفا کرے گا

اہل زمانہ آگے بھی تھے اور زمانہ تھا ‌ ‌ پر اب جو کچھ کہے ہے تو کسو نے سنا نہ تھا
چٹکا عبث نہیں کوئی غنچہ چمن میں آہ ‌ ‌ اے توسن بہار تجھے تازیانہ تھا
یاد رہیں ابھی تجھے غافل یہ عنقریب ‌ ‌ معلوم ہووے گا کہ یہ عالم فسانہ تھا

حال یہ کچھ تو ہے اب دل کی توانائی کا ‌ ‌ کہ یہ طاقت نہیں لوں نام شکیبائی کا
اے شب ہجر نہیں ہے یہ سیاہی تیری ‌ ‌ خون گردن پہ ترے ہے کسی سودائی کا
نام سنتا نہیں زاہد تری حرمت کا کوئی ‌ ‌ شور ایسا ہے جہاں میں مری رسوائی کا

ولہ

کہاں کا ساقی اور مینا کدھر کا جام و میخانہ ‌ ‌ مثال زندگی پھر آپ اپنا اب ہمی پیمانہ
کسو سے کیا بیاں کیجے اب اپنے حال ابتر کا ‌ ‌ دل اسکے ہاتھ دے بیٹھے جسے جانا نہ پہچانا
نظر جب دل پہ کی دیکھا تو مسجود خلائق ہے ‌ ‌ کوئی کعبہ سمجھتا ہے کوئی سمجھے ہے بتخانہ

ولہ

اے شمع روز بسکہ ترا انتظار تھا ‌ ‌ میں ایک سا ہی شعلہ صفت بے قرار تھا
ظالم یہ صید دل سر فتراک سے ترے ‌ ‌ اس وقت سے بندھا ہے کہ تو نے سوار تھا
مدت کے بعد خط سے یہ ظاہر ہوا کہ عشق ‌ ‌ تیری طرف سے حسن کے دل میں غبار تھا

### وله

وہ دن کدھر گئے کہ ہمیں بھی فراغ تھا — یعنی کبھو تو اپنے بھی دل کا دماغ تھا
جلتا ہے اب پڑا خس و خاشاک میں ملا — وہ گل کہ ایک عمر چمن کا چراغ تھا
گذروں ہوں جس خرابے پہ کہتے ہیں واں کے لوگ — ہے کوئی دن کی بات یہ گھر تھا یہ باغ تھا

## رباعیات

کچھ کشش نے تری اثر نہ کیا — تجھ کو اے انتظار دیکھ لیا
تشنگی اور بھی بھڑکتی گئی — جوں جوں میں آنسوؤں کو اپنے پیا

### ایضاً

زلفوں میں کسو کی جو گرفتار نہ ہوتا — کچھ کام مجھے تجھ سے شب تار نہ ہوتا
مرنا ہی لکھا ہے مری قسمت میں عزیزاں — گر زندگی ہوتی تو یہ آزار نہ ہوتا

### ایضاً

ایک تو ہوں شکستہ دل تس پہ یہ جور یہ جفا — سختی عشق واہ واہ جی نہ ہوا ستم ہوا
جان کے بدلے میرے ساتھ وعدہ اک لگا تھا — سو بھی نہ تجھ سے ہو سکا مفت ہی مفت جی لیا

### ایضاً

جلوہ تو ہر اک طرح ہر شان میں دیکھا — جو کچھ کہ سنا تجھ میں سو انسان میں دیکھا
جوں غنچہ بجز اک دل صد چاک نہ پایا — منہ ڈال کے جب اپنے گریباں میں دیکھا

### ایضاً

ناصح میں دین و دل کے تئیں اب تو کھو چکا — حاصل نصیحتوں سے جو ہونا تھا ہو چکا
زاہد کیا کرے ہے وضو کو کہ روز و شب — چاہے کہ دل سے دھوئے کدورت سو دھو چکا

### ایضاً

مذکور جانے ہے وہ ہم دل طپیدگاں کا — احوال کچھ نہ پوچھو آفت رسیدگاں کا
موجِ نسیم کو ہے زنجیر بوئے گل کی — دامن نہ چھوڑ بیٹھے پر از خود رسیدگاں کا

## افراد

دیکھ کر حال پریشان عاشقانِ زار کا
یا نکلے معشوقوں نے رسم زلف اپنی ہی بنے اٹھا

محبت نے ہم کو ثمر جو دیا
سو یہ ہے کہ سب کام سے کھو دیا

شکوہ مجھے کس سے ہے گلہ کس سے یہ ٹھانا
مانند فلک اپنی ہی گردش ہے زمانہ

ہم نے چاہا بھی پر اس کوچہ سے آیا نہ گیا
واں سے جوں نقش قدم دل تو اٹھایا نہ گیا

فلک پر کون کہتا ہے گذر آہِ سحر کرنا
جہاں جی چاہے واں پر جا کسی دل میں اثر کرنا

خلل مری زنجیر نے رفتار میں ایسا کیا
حشر کو بھی شور جو ہونا نہ تھا برپا کیا

بے یار خلق کرتی ہے اپنے کمال کا
یہ آئینہ ہے جلوہ فروش اس جمال کا

خط کے آنے سے ہوا معلوم جانا حسن کا
نوخطوں نے اب نکالا پیش جانا حسن کا

مخالف کب گئے سنتے ہی مجلس میں سخن میرا
زباں کا اب ہوا معلوم جوہر تیغ ہے گویا

بارے مجھے بتا تو سہی کیا سبب ہوا
پھر مجھ پہ مہرباں ہوا تو غضب ہوا

گلہ کرتا نہیں کچھ تری نامہربانی کا
مجھے شکوہ ہے اے ظالم اس اپنی سخت جانی کا

رسوائیاں اٹھائیں جور و عتاب دیکھا
عاشق تو ہم ہوئے پر کیا کیا عذاب دیکھا

آشیانے میں ورود بلبل کے
آتش گل سے آج پھول پڑا

## ردیف الباء

تھا عدم میں بھی مجھے اک پیچ و تاب
مضطرب ہوں جس طرح موج شراب

بے بضاعت ہیں سب اہل زرق برق
چشمۂ خورشید میں کیدھر ہے آب

موت ہے آسائش افتادگاں
چشم نقش پاء کا مٹ جانا ہے خواب

کیوں نہ ہو شرمندۂ روئے زمین
سیل اشک ایسا نہیں خانہ خراب

ہے تنک ظرفوں کو بے جائے کشتی
جام مے کب ہو سکے جام حباب

چل نہ جاویں ہیں جو صاحب حوصلہ
پائے خم لغزش میں کب لاوے شراب

ہستی میں کوئی کچھو دل مردگان | گور کے لب پر تبسم کب حساب

مے کشاں کرنے لگے محنت کشی
درد ہوتا ہے دل یاراں کباب

## ردیف التاء

وہ مو کمر کہیں تو ہوا بے حجاب رات | تھا قتل زلف دل کو عجب پیچ و تاب رات
ہم روسیاہ دن کو تو کیا منہ دکھا سکیں | جوں شمع چاہتے ہیں کہ ہووے شتاب رات
تیری گلی میں لے بت بے مہر کس طرح | لایا تھا پھر مجھے دل خانہ خراب رات
واں تم تو اپنے خوش رہے ہو گئے پہ کیا کہوں | گذرے ہے میرے جی پہ جو کچھ یاں عذاب رات
تو شام سے جو لے مرے خورشید رو گیا | انجم کی طرح آیا نہ آنکھوں میں خواب رات

میرے گناہ اتنے ہیں کوئی شمار ہیں
اے درد میں نے جی میں کیا تھا حساب رات

زاہد اگر نہیں کی تو لے کسو سے بیعت | پیر مغاں کہاں کر دست سبو سے بیعت
زلف بتاں سے کہنا ہے وقت دستگیری | اس سلسلہ میں کی ہے دل نے کسو سے بیعت
گو کھینچ کھینچ چلے جان اپنی شیخ کھو دے | کوئی زندہ دل کرے ہے اس مردہ شو سے بیعت

## ردیف الجیم فارسی

آئے کس واسطے اے درد میخانے کے بیچ | اور ہی مستی ہے اپنے دل کے پیمانے کے بیچ
آئینہ کی طرح غافل کھول چھاتی کے کواڑ | دیکھ تو ہے کون بارے تیرے کاشانے کے بیچ
سیر باغ و بوستاں تو ہے میسر ہر گھڑی | آ نکلتا ہے فقیر دل کبھی ویرانے کے بیچ
جو مزے ہیں یار گھر میں سو ہم سے پوچھا چاہئے | کون جانے آہ کیا لذت ہے مرجانے کے بیچ
غنچۂ دل کھول مثل قطرہ نادان کب تلک | جوں گہر غلطاں رہیگا آب اور دانے کے بیچ
پیچ و تاب اتنا جو ہے یاں پاس دل صد چاک کو | زلف الجھی ہے کسو کی ظاہرا شانے کے بیچ

بخت خواب آلود نے میرے سلایا اس کو درد
ورنہ پھولکا تھا ہی افسوں میں ترے افسانے کے بیچ

مذکور جب چلے ہے مرا انجمن کے بیچ
کچھ آپ ہی آپ سوچ وہ رہتا ہے من کے بیچ

اے بے خبر تو آپ سے غافل نہ بیٹھ رہ
جوں شعلہ یاں سفر ہے ہمیشہ وطن کے بیچ

تجھ کو نہیں ہیں دیدۂ بینا وگرنہ یاں
یوسف چھپا ہے آنکھے ہر پیرہن کے بیچ

سودا اگرچہ درد تو خاموش ہے ولے
جوں غنچہ سو زباں ہیں اُس کے دہن کے بیچ

درد جو آتا نہیں اب تو نظر ظاہر کے بیچ
چھپ رہا ہوگا کسو کے گوشۂ خاطر کے بیچ

## ردیف الراء

کیونکہ میں خاک ڈالوں سوز دل طپاں پر
مانند شمع میرا کب حکم ہے زبان پر

ہیں کس طرح بتوں کے لا سامنے جھکاؤں
دل تو دماغ اپنا کھینچے ہے آسمان پر

کب اختیار اپنا جوں گل ہے اس چمن میں
گلچیں سے کیا چلے ہے کیا زور باغبان پر

چاہے ہے کہ بات جی کی منہ پر نہ میرے آئے
اپنے دہن کو لاکر رکھدے مرے دہان پر

میں جانتا نہیں ہوں بیٹھے بٹھائے یارب
یوں آپڑی کہاں سے آفت یہ میری جان پر

تار نگہ یہ دل یاں دونوں طرف سے دوڑے
ڈھونٹ مقابل آویں جس طرح ریسماں پر

اے درد یار جیسا ہووے سو ہے غنیمت
اتنا بھی جی نہ رکھیے ہر وقت امتحان پر

ساقی چڑھا آج تو یہ رنگ گھٹا پر
شیشہ ہو گرے پھینکئے گر سنگ ہوا پر

ہے اور ہی جلوے کی غرض بوقلمونی
یہ قوس قزح کا نہیں نیرنگ ہوا پر

گھبرائے دل تنگ جو کوئی سانس نکالے
اک دم میں یہ عرصہ تو ابھی تنگ ہوا پر

جوں کاغذ باد اہل ہوس ہیچ ہیں پینگے
رہتی ہے سدا انکے تئیں جنگ ہوا پر

مانند حباب آہ تنگ ظرف جہاں کے
یاں کرتے ہیں سر کھینچنے کے ڈھنگ ہوا پر

ہر دم دل بیتاب مرا درد کرے ہے
جوں نغمہ نکل آئے گا آہنگ ہوا پر

اس قدر تھا یا کرم یا ظلم رانی اس قدر
مہربانی اس قدر نامہربانی اس قدر

جان کو آنے دے لب تک نزع میں کیتک رہو
دشمنی مجھ سے نہ کر اے ناتوانی اس قدر

کیا کہوں دل کا کسو سے قصۂ آوارگی
کوئی بھی بے ربط ہوتی ہے کہانی اسقدر

درد تو کرتا ہے معنی کے تئیں صورت پذیر
دست رس رکھتے تھے کب بہزاد و مانی اسقدر

مشہور خلق میں نہیں اپنے کمال کر
یکتا ہوں مثل آئینہ اور ہی جمال کر

آنکھیں تو آنسوؤں سے کبھی تر نہیں ہوئیں
ٹک تو ہی اے جبین عرق انفعال کر

حیرت ہے یہ کہ تجھ سے ستمگر کے ہاتھ میں
آنکھوں نے دل کو کیونکہ دیا دیکھ بھال کر

فرد

ہنس قبر پہ میری کھل کھلا کر
یہ پھول چڑھا کبھی تو آ کر

## ردیف الزاء

کیا ہوا مر گئے آرام ہے دشوار ہنوز
جی میں تڑپے ہے پڑی حسرت دیدار ہنوز

ہر لب زخم نمک سود ہے گو مثل سحر
شکوہ آلودہ نہیں پر لب اظہار ہنوز

کر چکا اپنی ہی عیسےٰ بھی تو پر کیا حاصل
ہیں گے ویسے ہی تری چشم کے بیمار ہنوز

موڑ لو منہ نہ ابھی سوزن مژگان سے ہم
ٹانکے زخموں میں تو ہیں کتنے ہی درکار ہنوز

ہے خیال اس کی ہی زلفوں کا دم آخر بھی
بندھ رہا ہے مری نظروں میں وہی تار ہنوز

اور تو چھوٹ گئے مر کے بھی اے کنج قفس
ایک ہم ہی ہیں سو ہر طرح گرفتار ہنوز

یار جاتا رہا نظروں سے کبھی کا لیکن
دل میں پھرتی ہے مرے درد وہ رفتار ہنوز

لیتا نہیں کبھو دل اپنے عناں ہنوز
پھرتا ہے کس تلاش میں یہ آسمان ہنوز

اے بعد مرگ بھی رہی آہ و فغاں ہنوز
لگتی نہیں ہے تالو سے میری زباں ہنوز

موجود پوچھتا نہیں کوئی کسی کے تئیں
توحید تو بھی ہوتی نہیں ہے عیاں ہنوز

سو سو طرح کی ہجر میں ہوتی ہے جانکنی
مرتا نہیں ہوں تو بھی تو میں سخت جاں ہنوز

ہر چند کہنہ سال ہے دنیا تو کس قدر
آتی ہے پر نظر میں سبھوں کی جواں ہنوز

کعبہ میں درد آپ کو لایا ہوں کھینچ کر
دل سے گیا نہیں ہے خیال بتاں ہنوز

## رباعی

کوہکن سے نہ بول اے پرویز
اس کے تیشہ کی بھی زباں ہے تیز
ساقی اب سب پکارتے ہینگے
تیرے ہاتھوں سے یاں بریز بریز

## فرد

بر میں مرے وہ سیمبر آیا نہیں ہنوز
مقصود میرے دل کا بر آیا نہیں ہنوز

## رباعی

نہ کیا تو نے ایک بار افسوس
حال پر میرے صد ہزار افسوس
جو کہ ہونا تھا دل پہ ہو گذرا
نہ کر اے درد بار بار افسوس

# ردیف الطاء

کرتا ہوں میں دیدۂ گریاں کی احتیاط
پر ہو سکی نہ اشک کے طوفاں کی احتیاط

خار مژہ پڑے ہیں مری خاک میں ملے
اے وحشت اپنے کیجیو داماں کی احتیاط

جوش جنوں کے ہاتھ سے فصل بہار میں
ٹک سے بھی ہو سکی نہ گریباں کی احتیاط

تیرے ہی دیکھنے کے لئے آئینہ کی طرح
کرتا ہوں اپنے دیدۂ گریاں کی احتیاط

دل کے تئیں گرہ سے کبھو کھو لئے نہیں
ہے زلف کو بھی اپنے پریشاں کی احتیاط

داغوں کی اپنے کیوں نہ کرے درد پرورش
ہر باغباں کرے ہے گلستاں کی احتیاط

## ردیف الغین

لایا نہ تھا تو آج تلک ہاتھ سوئے تیغ
والبتہ میرے قتل سے کھنچی ابروئے تیغ

ناچار مجھ سے اس سے توقطع کلام ہے
کرتا نہیں وہ بات سوا گفتگوئے تیغ

کیجے نہ قتل اہل وفا جتنے ہیں جو سب
بارے کہیں ٹھکانے لگے جستجوئے تیغ

جانباز اور بھی ہیں پر اے ابروان یار
میری طرح نہ ٹھہرے کوئی روبروئے تیغ

پیاسی مرے لہو کی وہ رہتی ہے دمبدم
برلائیے کبھو تو میاں آرزوئے تیغ

### فرد

اے درد ایک خلق ہے جانانہ کی طرف
لازم ہے کیجئے دل دیوانہ کی طرف

## ردیف الکاف

پیغام یاس بھیج نہ مجھ بے قرار تک
ہوں نیم جاں سو بھی ترے انتظار تک

دیدے شراب ساقی کہ تا روز رستخیز
جس کے نشے کا کام نہ پہنچے خمار تک

صیاد اب رہائی ہے کیا مجھ اسیر کو
پھر کس کو زندگی کی توقع بہار تک

بے قدر سیکشی ہوئی عالم میں یاں تئیں
ہے صرف شیشہ شیخ کے سنگ مزار تک

راہ عدم میں درد میں اتنا ہوں تیز رو
پہنچا صبا کا ہاتھ نہ میرے غبار تک

### رباعیات

پھر تا رہا میں سعی میں اک عمر جوں فلک
بخت سیاہ پر نہ پھرے میرے اب تلک

چونکا ہوں درد جیسے اسے دیکھ خواب میں
لگتی نہیں ہے تب سے پلک سے میری پلک

### ایضاً

نہیں میرے تئیں کسی کا باک
اب گریباں ہے ہاتھ ہے اور چاک

اگرد تو ہو گئے ترے عاشق — کیا ستم ہو زیادہ اس سے خاک

## ردیف لام

کچھ میں ہی باغ میں نہیں تنہا شکستہ دل — ہر غنچہ دیکھتا ہوں تو ہیگا شکستہ دل

ہاتھوں سے محتسب کے ہیں اب میکدہ کے بیچ — ساغر شکستہ خاطر و مینا شکستہ دل

شادی کی اور غم کی ہے دنیا میں ایک شکل — گل کو شگفتہ دل کہو یا تم شکستہ دل

یارب درست گو نہ رہوں تیرے عہد پر — بندہ سے پر نہ ہو کوئی بندہ شکستہ دل

کی جس کی جوں حباب زمانے نے دل دہی — چھوڑا نہ پھر اسے نہ کیا تا شکستہ دل

لازم ہے گوشۂ شکن زلف میں تری — ظالم کوئی پڑا رہے مجھ سا شکستہ دل

سب خون دل ٹپک ہی گیا بوند بوند کر
اے درد بسکہ عشق سے ہیں تھا شکستہ دل

یارب یہ داغ عشق ہوا شہریار دل — مدت سے بے چراغ پڑا تھا دیار دل

تیری کہیں گلی کے گیا تھا خیال میں — کرتا ہوں اب تلک میں پڑا انتظار دل

اٹھتا ہے بعد مرگ بھی مانند گرد باد
اے درد خاک سے مری اب تک غبار دل

## ردیف المیم

حیران آئینہ دار ہیں ہم — کس سے یارب دوچار ہیں ہم

پانی پر نقش کیا ہے الیتا — جیسے ناپائدار ہیں ہم

ساقی کدھر ہے کشتی مے — اب کے کھیوے میں پار ہیں ہم

جی میں پھنسا کبھو نہ اپنا — اتنے زار و نزار ہیں ہم

اوروں کے گو ہیں سرمۂ چشم — اپنے دل کے غبار ہیں ہم

کوئی کیونکر نظر میں لاوے — رشک چشم شرار ہیں ہم

آتش میں ہیں پہ مثل شعلہ
ازسرتاپا بہار ہیں ہم

چشم حیرت سے دیکھ ادھر ہر
نقش لوح مزار ہیں ہم

جدھر گذرے پھرے اودھر سے
آوازہ کوہسار ہیں ہم

ازبسکہ ہیں محو لاتعین
ہر جا بے اختیار ہیں ہم

مجنوں ہو خواہ کوہکن ہو
عاشق کے دوستدار ہیں ہم

اپنے ملنے سے منع مت کر
اس میں بے اختیار ہیں ہم

ق
یوں تو عاشق بہت ہیں لیکن
اس طور کے کتنے یار ہیں ہم

مجنوں۔ فرہاد۔ درد وامق
ایسے یہ دو ہی چار ہیں ہم

---

اب کی ترے در سے گر گئے ہم
پھر یہ ہی سمجھے کہ مر گئے ہم

جوں نور نظر ترا تصور
تھا پیش نظر جدھر گئے ہم

جز اہل صفا بتا تو جوں عکس
اے آئینہ کس کے گھر گئے ہم

کس نے یہ ہمیں بھلا دیا ہے
معلوم نہیں کدھر گئے ہم

ق
تھا عالم جبر کیا بتا دیں
کس طور سے زیست کر گئے ہم

جس طرح ہوا اسی طرح سے
پیمانۂ عمر بھر گئے ہم

افسوس کہ درد اس کو جب تک
ہووے ہے خبر گذر گئے ہم

---

کچھ لائے نہ تھے کہ کھو گئے ہم
تھے آپ ہی ایک سو گئے ہم

جوں آئینہ جس پہ یاں کی نظر کی
ساتھ اپنے دو چار ہو گئے ہم

ماتم کدۂ جہاں میں جوں ابر
اپنے تئیں آپ رو گئے ہم

ہستی سے تو ٹک جگا دیا تھا
پھر کھلتے ہی آنکھ سو گئے ہم

یاروں ہی سے درد ہے یہ چرچا
پھر کوئی نہیں ہے جو گئے ہم

چمن میں صبح یہ کہتی تھی ہو کر چشم تر شبنم
بہار باغ تو یوں ہی رہی لیکن کدھر شبنم

عرق کی بوند اُس کی زلف سے رخسار پر ٹپکی
تعجب کی ہے جاگہ یہ پڑی خورشید پر شبنم

ہمیں تو باغ تجھ بن خانۂ ماتم نظر آیا
اُدھر گل پھاڑتے تھے جیب روتی تھی اِدھر شبنم

کرے ہے کچھ سے کچھ تاثیر صحبت صاف لوگوں کی
ہوئی آتش سے گل کے بیٹھتے رشک شرر شبنم

بھلا ٹک صبح ہونے دو اسے بھی دیکھ لیوینگے
کسی عاشق کے رونے سے نہیں رکھتی خبر شبنم

نہیں اسباب کچھ لازم سبکساروں کے اٹھنے کا
گئی اڑ دیکھنے اپنے بغیر از بال و پر شبنم

نہ پایا جو گیا اس باغ سے ہرگز سراغ اس کا
نہ پلٹی پھر صبا ایدھر نہ پھر آئی نظر شبنم

نہ سمجھا **درد** ہم نے بھید یاں کی شادی و غم کا
سحر خنداں ہے کیوں روتی ہے کس کو یاد کر شبنم

## رباعی

کیا کہیں سوئے فنا کس طور کر جاتے ہیں ہم
شمع کے مانند سر کے بل اودھر جاتے ہیں ہم
ہے کسے جوں شعلہ ظالم آہ تاب انتظار
جب تلک دیکھے ادھر تو یاں گذر جاتے ہیں ہم

## فرد

خلق میں ہیں پر جدا سب خلق سے بیٹھے ہیں ہم
تال کی گنتی سے باہر جس طرح روپک میں سم

# ردیف النون

گلیم بخت سیہ سایہ دار رکھتے ہیں
یہی بساط میں ہم خاکسار رکھتے ہیں

بسان کاغذ آتش زدہ مرے گلرو
ترے جلے بھنے اور ہی بہار رکھتے ہیں

کسی نے ہم سے کیا وعدۂ ہم آغوشی
کہ مثل بحر سراسر کنار رکھتے ہیں

ہمیشہ فتح نصیبی ہمیں نصیب رہے
جو کچھ کہ اپنی سپہ جی میں سوار رکھتے ہیں

بلا ہے نشۂ دنیا کہ تا قیامت آہ
سب اہل قبر اسی کا خمار رکھتے ہیں

جہاں کے باغ سے ہم دل سوا نہ پھل پایا
فقط یہی ثمر داغدار رکھتے ہیں

اگرچہ خشت خم کے ہے محتسب در پے
جو ہو سو پر اسے اب تو یار رکھتے ہیں

برنگِ شعلہ غمِ عشق ہم سے روشن ہے
کہ بے قراری کو ہم بے قرار رکھتے ہیں

تمہارے پاس ہے کیا جو فدا کریں تجھ پر
مگر یہ زندگی مستعار رکھتے ہیں

فلک سمجھ تو سہی ہم سے اور گلو گیری
یہ ایک جیب ہے سو تار تار رکھتے ہیں

بتوں کے جور اٹھائے ہزار بار ہم نے
جو اس پہ بھی نہ ملیں اختیار رکھتے ہیں

بھری ہے آگ جنہوں میں ہوائے آزادی
حباب وار کلہ بھی اتار رکھتے ہیں

نہ برق ہیں نہ شرر ہم نہ شعلہ نے سیماب
وہ کچھ ہیں پر کہ سدا اضطرار رکھتے ہیں

جنہوں کے دل میں جگہ کی ہے نقشِ عبرت نے
شدالنظر میں وہ لوحِ مزار رکھتے ہیں

ہر ایک سنگ میں ہے شوخیِ بتاں پنہاں
خنک ہیں سب پہ یہ دل میں شرار رکھتے ہیں

وہ زندگی کی طرح ایک دم نہیں رہتا
اگرچہ دردؔ اسے ہم ہزار رکھتے ہیں

مژگانِ تر ہوں یا رگِ تاک بریدہ ہوں
جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں

کھینچے ہے دور آپ کو میری فروتنی
افتادہ ہوں پہ سایۂ قد کشیدہ ہوں

ہر شام مثلِ شام ہوں میں تیرہ روزگار
ہر صبح مثلِ صبح گریباں دریدہ ہوں

کرتی ہے بوئے گل تو مرے ساتھ اختلاط
پر آہ میں تو موجِ نسیمِ وزیدہ ہوں

یہ چاہتی ہے تو تپشِ دل کہ بعدِ مرگ
کنجِ مزار میں بھی نہ میں آرمیدہ ہوں

اے دردؔ جا چکا ہے میرا کام ضبط سے
میں غم زدہ تو قطرۂ اشکِ چکیدہ ہوں

آہ مشتاق ترے مفت موئے جاتے ہیں
اک نظر بھولے سے بھی ہوئے تو جی پاتے ہیں

گو سلامت ہوں تیں ظاہر میں پہ تیکھے خطرات
رات دن گھن کی طرح ہم تئیں کھاتے ہیں

تو بھی اے پائے طلب ٹک تو بھلا خواب سے چونک
اپنی ہی نوع سے ہیں وہ جو پہنچ جاتے ہیں

ہم سے بیکاروں سے بہتر ہیں یہ اہلِ اشغال
ہر طرح دل کے تئیں اپنے تو بہلاتے ہیں

دردؔ کی طرح وہ ہو جاتے ہیں کچھ اور کے اور
بیترے از خود شدگاں جبکہ بخود آتے ہیں

گر دیکھئے تو مظہر آثار بقا ہوں
اور دیکھئے جوں عکس تجھے محو فنا ہوں

کرتا ہوں پس از مرگ بھی حل مشکل عالم
بے حس ہوں پہ ناخن کی طرح عقدہ کشا ہوں

ممنوں مرے فیض کے سب اہل نظر ہیں
جوں نور ہر ایک چشم کا دیدار نما ہوں

اے آسن فقر اگر سمجھو تو شاہی
سلطان ہے اگر شاہ تو میں ظل ہما ہوں

ہے مظہر انوار صفا میری کدورت
ہر چند کہ آہن ہوں پہ آئینہ بنا ہوں

احوال دو عالم ہے مرے دل پہ ہویدا
سمجھا نہیں تا حال پر اپنے تئیں کیا ہوں

آزاد نہیں قید میں زنجیر کی ہرگز
ہر چند کہ عالم میں ہوں عالم سے جدا ہوں

ہوں قافلہ سالار طریق قدما درد
جوں نقش قدم خلق کو میں راہ نما ہوں

نہ ہم غافل ہی رہتے ہیں نہ کچھ آگاہ ہوتے ہیں
انہیں طرحوں میں ہم ہر دم فنا فی اللہ ہوتے ہیں

نقیبد گاہ امکاں میں ہے وہ تا کچھ بخشش مطلق
کہ ہو واحد کو لاکھوں دام بان تنخواہ ہوتے ہیں

غرور حسن کم ہوتا نہیں کچھ خط کے آنے سے
کہ یہ سب مور چہ بے بھی سلیماں جاہ ہوتے ہیں

اگر جمعیت دل ہے تجھے منظور قانع ہو
کہ اہل حرص کے کب کام خاطر خواہ ہوتے ہیں

پریکھا درد کچھ مت رکھ ترقی اور تنزل کا
کہ اپنے ذہن میں تو یاں گدا بھی شاہ ہوتے ہیں

تو مجھ سے نہ رکھ غبار جی میں
آوے بھی اگر ہزار جی میں

بیزار ہے مجھ سے تو پہ مجھ کو
اب تک ہے وہی پیار جی میں

گل اب تو ملے ہیں ہنس کے لیکن
بلبل پہ چھپیں گے خار جی میں

یوں پاس بٹھا جسے تو چاہے
پر جاگہ نہ دیجیو یار جی میں

کیا فائدہ درد شور و شر سے
اچھے ہے جو کچھ سو یار جی میں

ہر چند تیری سمت سوا راہ ہی نہیں
تسخیر بھی آہ یاں کوئی آگاہ ہی نہیں

وہ مرتبہ ہے اور بہ تحصیل کے پرے
ہم جس کو پوچھتے ہیں وہ اللہ ہی نہیں

ہم بھی فلک سے کرتے کسی چیز کی طلب
ڈھونڈا پر اپنے دل میں تو کچھ چاہ ہی نہیں

انساں کی ذات سے ہیں خدائی کے کھیل یاں
بازی کہاں بساط پہ گر شاہ ہی نہیں

سو رنگ سے ہیں جلوہ نما گو بتانِ خلق
اپنا ترے سوا کوئی دلخواہ ہی نہیں

گر کہتے ہو کہ ہے وہی ہادی وہی مضل
تو راہ پر ہیں سب کوئی گمراہ ہی نہیں

اے درد مثل آئینہ ڈھونڈھتا کس کو آپ میں
بیرون در تو اپنی قدم گاہ ہی نہیں!

ہستی ہے جب تلک ہم ہیں اسی اضطراب میں
جوں موج آ پھنسے ہیں عجب پیچ و تاب میں

بتخانہ خدا ہے نہ ہے یہ بتوں کا گھر
رہتا ہے کون اس دل خانہ خراب میں

آئینہ عدم ہی میں ہستی ہے جلوہ گر
ہے موج زن تمام یہ دریا حباب میں

غافل جہاں کی دید کو مفت نظر سمجھ
پھر دیکھنا نہیں ہے اس عالم کو خواب میں

ہر جزو کو کل کے ساتھ بمعنی ہے اتصال
دریا سے گو جدا ہے پہ ہے غرق آب میں

پیری نے ملک تن کو اجاڑا اگرچہ یاں
تھا بندوبست اور ہی عہد شباب میں

میں اور درد تجھ سے خریداری بتاں
ہے ایک دل بساط میں سو کس حساب میں

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں

مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینہ کے سامنے جب آ کے ہو کریں

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جا ابھی
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

سر تا قدم زبان ہیں جوں شمع گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

ہر چند آئینہ ہوں پر اتنا ہوں ناقبول
منہ پھیر لے وہ جس کے مجھے روبرو کریں

نہ گل کو ہے ثبات نہ ہم کو ہے اعتبار
کس بات پر چمن ہوس رنگ و بو کریں

ہے اپنی یہ صلاح کہ سب زاہدان شہر
اے درد آ کے بیعت دست سبو کریں

[illegible]

کدھر بہکی پھرتی ہے اے بیکسی تو | تری جنس کا یاں خریدار میں ہوں
ادھر بات کرنا ادھر دیکھ لینا | سمجھتا ہوں سب ایک عیار میں ہوں
اگر مجھ سے ملیے کبھو عیب کیا ہے | نہ بد وضع تو ہے نہ بدکار میں ہوں
کسو پر بلا تیری تیوری چڑھاوے | تری تیغ ابرو کا انکار میں ہوں

سبھی اپنے جینے سے اے درد خوش ہیں
اگر ہوں تو یہ ایک بیزار میں ہوں

ان نے کہا تھا یاد مجھے بھول کر کہیں | پاتا نہیں ہوں تب سے میں اپنی خبر کہیں
آجائے ایسے جینے سے اپنا تو جی بتنگ | جیتا رہیگا کب تئیں اے خضر مر کہیں
پھرتے رہے تڑپتے ہی عالم میں جابجا | دیکھا نہ میری آہ نے رونے اثر کہیں
مدت تلک جہان میں ہنستے پھرا کئے | جی میں ہے خوب روئیے اب بیٹھکر کہیں
یوں تو نظر پڑے ہیں تن افگار سیکڑوں | دل ریش کوئی آپ سا دیکھا نہ پر کہیں
ظالم جفا جو چاہے سو کر مجھ پہ تو و لے | پچھتاوے پھر تو آپ ہی ایسا نہ کر کہیں
پھرتے ہو سج بتلانے تو اپنی جدھر تدھر | لگ جاوے دیکھیو نہ کسی کی نظر کہیں

پوچھا میں درد سے کہ بتا تو سہی مجھے
اے خانماں خراب ہے تیرا بھی گھر کہیں

کہنے لگا مکان معین فقیر کو | لازم ہے کیا کہ ایک ہی جاگہ ہو پھر کہیں
درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست | لیکن تو یاں نہیں ہے یہ مصرع مگر کہیں

بے زباں کو جو زبان سوسن | اس چمن میں کسے مجال سخن
یاوری دیکھئے نصیبوں کی | دوست بھی ہو گئے مرے دشمن
ساقی اس وقت کو غنیمت جان | پھر نہ میں ہوں نہ تو نہ یہ گلشن
وہ ز خود رفتہ ہوں کہ میرے تئیں | نہ خیال سفر نہ یاد وطن
کیا کہوں اپنی میں سیہ بختی | حال تجھ پہ تو ہوئے گا روشن
بعد مدت کے درد کل مجھ سے | قطعہ | مل گیا راہ میں وہ غنچہ دہن

میری اس کی جو لڑ گئیں آنکھیں
ہو گئے آنکھوں ہی میں دو دو سخن

باغ جہاں کے گل ہیں یا خار ہیں تو ہم ہیں
گر یار ہیں تو ہم ہیں اغیار ہیں تو ہم ہیں

دریائے معرفت کے دیکھا تو ہم ہیں ساحل
گر وار ہیں تو ہم ہیں در پار ہیں تو ہم ہیں

وابستہ ہمیں سے ہے گر جبر ہے و گر قدر
مجبور ہیں تو ہم ہیں مختار ہیں تو ہم ہیں

تیرا ہی حسن جگ میں ہر چند موج زن ہے
تس پر بھی تشنہ کام دیدار ہیں تو ہم ہیں

الفاظ خلق ہم بن سب مہملات سے تھے
معنی کی طرح ربط گفتار ہیں تو ہم ہیں

اوروں سے تو گرانی اک لحظ اٹھ گئی تھی
اے درد اپنے دل کے گر بار ہیں تو ہم ہیں

جمع ہیں افراد عالم ایک ہیں
گل کے سب اوراق بر ہم ایک ہیں

ہووے کب وحدت میں کثرت مخل
جسم و جاں گر دو ہیں پر ہم ایک ہیں

نوع انسان کی بزرگی سے تک ایک
حضرت جبریل محرم ایک ہیں

دال ہے اس پر بھی قرآں کا وجود
بات کی فہمید میں ہم ایک ہیں

متفق آپس میں ہیں اہل شہود
درد آنکھیں دیکھ باہم ایک ہیں

نہ ہم کچھ طلب نے تلاش کرتے ہیں
جو کچھ کہ یاں ہے مقدر معاش کرتے ہیں

مثال عکس جو کوئی کہ پاک طینت ہے
جہاں صفا ہے وہیں بود و باش کرتے ہیں

ہماری اتنی ہی تقصیر ہے کہ اے زاہد
جو کچھ ہے دل میں ترے ہم وہ فاش کرتے ہیں

مزاج نازک دل سے اگر مکدر ہو
یہ آئینہ ہم ابھی پاش پاش کرتے ہیں

یہ تیرے شعر ہیں اے درد یا کہ نالے ہیں
جو اس طرح سے دلوں کو خراش کرتے ہیں

کام مردوں کے جو ہیں سو وہی کر جاتے ہیں
جان سے اپنے جو کوئی کہ گذر جاتے ہیں

موت کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے
مرنے سے آگے ہی یہ لوگ تو مر جاتے ہیں

دیدۂ وا دید جو ہو جائے غنیمت سمجھو
جوں شرر ورنہ ہم اے نور نظر جاتے ہیں

آنکھیں اس بزم میں سیکی ہیں جنہوں نے ٹک بھی
شمع کی طرح گریباں سے گزر جاتے ہیں

بے ہنر دشمنی جو اہل ہنر سے اگر
منہ پہ چڑھتے تو ہیں پر دل سے اتر جاتے ہیں

ہم کسی راہ سے واقف نہیں جوں تار نظر
رہنما تو ہی تو ہوتا ہے جدھر جاتے ہیں

اے رگ ابر یہ مژگاں بھی اگر ٹک برسیں
ایک پل میں کئی تالاب تو بھر جاتے ہیں

آہ معلوم نہیں ساتھ سے اپنے شب و روز
لوگ جاتے ہیں چلے سو یہ کدھر جاتے ہیں

تا قیامت نہیں ٹلنے کا دل عالم سے
درد ہم اپنے عوض چھوڑے اثر جاتے ہیں

اپنی قسمت کے ہاتھوں داغ ہوں میں
نفس عیسوی چراغ ہوں میں

ہوں فتادہ برنگ نقش قدم
رفتگاں کا مگر سراغ ہوں میں

دونوں عالم سے کچھ پرے ہے نظر
آہ کس کا دل و دماغ ہوں میں

میں ہوں گلچیں گلستان خلیل
آگ میں ہوں پہ باغ باغ ہوں میں

عین کثرت میں دید وحدت ہے
قید میں درد با فراغ ہوں میں

مرتا نہیں ہوں کچھ میں اس سخت دل کے ہاتھوں
پستا ہوں آپ اپنے کمبخت دل کے ہاتھوں

نالاں نہیں ہے تنہا اس راہ میں جرس تو
روتے گئے ہیں کتنے یک لخت دل کے ہاتھوں

ہمت رفیق ہووے تو فقر سلطنت ہے
آتا ہے ہاتھ یعنی یاں تخت دل کے ہاتھوں

اے غنچہ تجھ سے آگے جو کچھ کہ تھا گرہ میں
گل یاں لٹا گئے ہیں کل رخت دل کے ہاتھوں

اے درد آہ پھر پھر آتا یہی ہے جی میں
پستا ہوں آپ اپنے کمبخت دل کے ہاتھوں

جی نہ اٹھوں کہیں پھر میں جو تو مارے دامن
جھاڑ مت خاک پہ میری یہ غبار دامن

دامن تر تو ہے پر لالہ و گل سے یارب
خون عاشق بھی کہیں ہووے بہار دامن

ہم کہ دامن سے لگے ہیں نہ کہیں چھوٹ جاویں
ہر گھڑی کھینچ نہ لے [illegible] کنار دامن

تار باندھا ہے مرے اشک نے یاں تک جوں شمع
ہے وہی تار گریباں وہی تار دامن

جب وہ چاہے ہے کہ دامن کو اٹھا کر چلئے
ہنس کے رکھتا مری گردن پہ ہے بار دامن

فرش رہ آنکھیں تو کیں ہیں نے پہ ہے مژگان
خار پا ہو ویں کسو کے نہ یہ خار دامن

درد تو کون ہے جو گرد چھٹکنے پاوے
دور دامن ہے ترا صدقے نثار دامن

کیوں نہ ڈوبے رہیں یہ دیدۂ تر پانی میں
ہے بنا مثل حباب اپنا تو گھر پانی میں

اشک سے میرے فقط دامن صحرا نہیں تر
کوہ بھی سب ہیں کھڑے تا بہ کمر پانی میں

مردم دیدہ مرے اشک میں یوں رہتے ہیں
کب یہ گزران کرے اور بشر پانی میں

آتش مے سے جو ساقی نے اسے بھڑکایا
زاہد خشک ہوا خوب ہی تر پانی میں

چشمۂ آب نہ ہو چشمۂ خورشید سے کم
شعلہ رو تو کبھو منہ دیکھے اگر پانی میں

جس طرف جا ہو چلوں یہ وہ سر لبستاں ہے
وہم کہتا ہے کہ اب پاؤں نہ دھر پانی میں

عالم آب میں جوں آئینہ ڈوبا ہی رہا
تو بھی دامن نہ کیا درد نے تر پانی میں

معلوم نہیں آنکھیں یہ کیوں پھوٹ بہی ہیں
رونے کی طرف کس لئے یہ ٹوٹ بہی ہیں

کشتی کی طرح آنکھیں مری اشک میں یارو
جس تار نگہ سے بندھی تھیں چھوٹ بہی ہیں

ہیں مثل حباب آنکھیں تو رو رو کے بہا دل
پر وہ بھی کہتا ہے سدا جھوٹ بہی ہیں

سرسبز یہ کس جلوہ سے ہوئیں آنکھیں جو تنا
دریا کی طرح کھیت مرا لوٹ بہی ہیں

اے درد سمجھ سچ نہ ان آنکھوں کا بہنا
چھاتی کی طرح دل کو مرے کوٹ بہی ہیں

گھر تو دونوں پاس ہیں لیکن ملاقاتیں کہاں
آمد و رفت آدمی کی ہے پہ وہ باتیں کہاں

ہم فقیروں کی طرف بھی تو نگاہیں دمبدم
پھینکتے جاتے تھے آپ آگے وہ خیراتیں کہاں

[illegible] سوگی [illegible] دل کی قدر
تب کہا کیجیے گا لوگوں سے وہ برساتیں کہاں

یوں [illegible] دن [illegible] سکا ہی خیال
جن کو لوں اپنی بغل میں تھا سو وہ راتیں کہاں

جس طرح سے کھیلتا ہے وہ دلوں کا یاں شکار
درد آتی ہیں کسی دلبر کو وہ گھاتیں کہاں

مجھے در سے اپنے تو ٹالے ہے یہ بتا مجھے تو کہاں نہیں
کوئی اور بھی ہے ترے سوا تو اگر نہیں تو کہاں نہیں

پڑی جس طرف کو نگاہ یاں نظر آگیا ہے خدا ہی واں
یہ ہیں گو کہ آنکھوں کی پتلیاں سر دلبراں کے بتاں نہیں

سر دل لئے شیشہ کو بیوفا تو نے ٹکڑے ٹکڑے ہی کر دیا
مرے پاس تو وہی ایک تھا یہ دکان شیشہ گراں نہیں

مجھے رات ساری ہی تیرے ہجر میں کیونکہ رو نے شمع ساں
کہ نہ ہو سکی ہے کچھ اب بیاں وہ یہ بات ہے کہ زباں نہیں

کوئی سمجھے کیونکہ یہ مدعا کہ پہیلی سا ہے یہ ماجرا
کہا میں تجھے نہیں چاہ کیا لگا کہنے مجھ سے کہاں نہیں

نہ ملا ہمیں کوئی نکتہ داں یہ بیت سناویں بھلا کہاں
نہ ہو آشنا ہی عیاں جو کسی سے یاں تو نہاں نہیں

تجھے درد کیونکہ سناؤں میں تو خدا کسی کو دکھاوے یہ
جو کچھ اپنے جی پہ گذرتی ہے کہوں کیا کہ اسکا بیاں نہیں

دل کو لے جاتی ہیں معشوقوں کی خوش اسلوبیاں
ورنہ ہیں معلوم ہم کو سب انہوں کی خوبیاں

صورتوں میں خوب ہونگی شیخ گو حور بہشت
پر کہاں یہ شوخیاں یہ طور یہ محبوبیاں

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو
ورنہ طاعت کیلئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

آپ تو ڈوبے ہیں پر اس کا بھی کیا خانہ خراب
درد اپنے ساتھ آنکھیں دل کو بھی لے ڈوبیاں

نزع میں ہیں تیوں وے تیرا گلہ کرتا نہیں
دل میں ہے وہ ہی وفا پر جی وفا کرتا نہیں

سعی بیجا مت کرو مہر و وفا وہ شوخ تو
جی کو ان باتوں سے ہرگز آشنا کرتا نہیں

کونسی شب ہے کہ مثل شمع جب کھلتی ہے آنکھ
جائے اشک آنکھوں سے اپنی خوں گرا کرتا نہیں

عشوہ و ناز و کرشمہ ہیں سبھی جان بخش ایک
درد مرتا ہے کوئی اس کی دوا کرتا نہیں

پڑے جوں سایہ ہم تجھ بن ادھر ادھر بھٹکتے ہیں
جہاں جائیں قدم رکھیں تو پہلے سر پٹکتے ہیں

بتا دو کون ہے جو تیری مجلس میں نہیں ہوتا
مگر یہ ایک ہم ہی ہیں کہ نظروں میں کھٹکتے ہیں

نہیں معلوم کیا ہوگا یہ دل اس زلف میں آ الجھا
جہاں اے درد ایسے تو ہزاروں ہی لٹکتے ہیں

آہ پردہ تو کوئی مانع دیدار نہیں
اپنی غفلت کے سوا کچھ در و دیوار نہیں

ہم سے دل مردہ اگر رات کو جاگے تو کیا
چشم بیدار تو ہے پر دل بیدار نہیں

درد یاں دو ہی پیالوں پہ قناعت کیجئے
خانۂ چشم ہے یہ خانۂ خمار نہیں

اے ہجر کوئی شب نہیں جس کو سحر نہیں
پر صبح ہوتی آج تو آئی نظر نہیں

دل لے گیا پر ایک نہ کی اس طرف نگاہ
ایسا تو دلبروں میں کوئی سخت تر نہیں

کہہ کونسا ہے دامن صحرا جہان میں
اے درد آنسوؤں سے جو تیرے وہ تر نہیں

مرے ہاتھوں کے ہاتھوں اے عزیزاں
گریبان چاک ہے چاک گریباں

کھلا ہے باب عرفاں جس کے اوپر
اُسے ہے ہر ورق گل کا گلستاں

صبا جاتا ہوں گریاں میں چمن سے
گلوں کو باغ میں رکھیو تو خنداں

ولہ

گرچہ ہم مردہ دل اے جان جہاں جیتے ہیں
تجھ بن اے وائے جو سمجھے تو کہاں جیتے ہیں

زندگی جس سے عبارت ہے سو وہ زیست کہاں
یوں تو کہنے کے تئیں کہئے کہ ہاں جیتے ہیں

بعد مرنے کے بھی وہ بات نہیں آئی نظر
جس توقع پہ کہ ہم اب تئیں یاں جیتے ہیں

ولہ

دل تو سمجھائے سمجھتا بھی نہیں
کہئے سودا ہے تو سودا بھی نہیں

اس کی باتیں مجھ سے کیا پوچھو ہو تم
مدتیں گذریں کہ دیکھا بھی نہیں

داد کو تو پہونچتا معلوم ہے
کوئی یاں فریاد سنتا بھی نہیں

ہیں تو سب باتیں نصیحت کی کہیں
پر اثر ہوتا ہے دل کے تئیں کہیں

جس کے بن دیکھے نہ نیند آئی ہمیں
خواب میں بھی دیکھتے اس کو نہیں

مورتیں کیا کیا ملی ہیں خاک میں ؟
ہے وطن ہر شخص کا زیر زمیں !!

## رباعیات

آگے ہی بن سنے تو کہے ہے نہیں نہیں
تجھ سے ابھی وہ باتیں تو میں نے کہیں نہیں
ہیں معنی بلند مرے عرش سے بڑے
مت کہہ یہ بات درد کہ کرسی نشیں نہیں

## ایضاً

دو نگاہیں جو چار ہوتی ہیں
برچھیاں دل کے پار ہوتی ہیں
بدزبانی پہ اُس کے دل مت جا
ایسی باتیں ہزار ہوتی ہیں

## ایضاً

اگر میں نکتہ رسی سے ترا نشاں پاؤں
کمر کو جا ہوں تو اسکے تئیں کہاں پاؤں
یہ رات شمع سے کہتا تھا درد پروانہ
کہ حال دل کہوں گر جان کی اماں پاؤں

## ایضاً

دل میں رہتے ہو پر آنکھوں دیکھنا مقدور نہیں
گھر سے درد آکے ٹک آؤ تو چنداں دور نہیں
چاہتے وہ تو جہاں جل جاویں اک شعلہ کے ساتھ
درد ایسی سرد آہیں عشق میں منظور نہیں

## ایضاً

زلفوں کی تو سدا سے یہ کج ادائیاں ہیں
آنکھوں نے اور ہی یہ آنکھیں دکھائیاں ہیں
ہے اپنے جی میں جو کچھ تم جانو یا نہ جانو
پر سب تمہاری باتیں اب ہم نے پائیاں ہیں

## ایضاً

سیر کر دنیا کی غافل زندگانی پھر کہاں
زندگی گر کچھ رہی تو نوجوانی پھر کہاں
دیکھ میرے ضعف کو کہنے لگا رو کر طبیب
کوئی دم کو یہ بھی اس کی ناتوانی پھر کہاں

ولہ

کب دہن میں ترے سمائے سخن
نہیں تیرے دہن میں جائے سخن
شعر میں میرے دیکھنا مجھ کو
ہے مرا آئینہ صفائے سخن

ولہ

کہیں ہوتے ہیں سوال و جواب آنکھوں میں
یہ بے سبب نہیں ہم سے حجاب آنکھوں میں
کرے ہے مست نگاہوں میں ایک عالم کو
لئے پھرے ہے یہ ساقی شراب آنکھوں میں

ولہ

ہر دم بتوں کی صورت رکھتا ہے دل نظر میں
ہوتی ہے بت پرستی اب تو خدا کے گھر میں

## افراد

اس ذکر سے بھی مجھ کو کیا کام دل کے ہاتھوں
بنتا نہیں کسو کا میں نام دل کے ہاتھوں

نہیں ہم کو تمنا یہ ملک ہو نا فلک پہونچیں
یہی ہے آرزو دل کی ترے قدموں تلک پہنچیں

نزع میں ہوں پہ وہی نالے کئے جاتا ہوں
مرتے مرتے بھی ترے غم کو لئے جاتا ہوں

افسوس اہل دید کو گلشن میں جا نہیں
نرگس کی گو کہ آنکھیں ہیں پر سوجھتا نہیں

غنچہ میں رشک بے گناہی ہوں
مورد رحمت الٰہی ہوں

## ردیف الواو

مانع نہیں ہم وہ بت خود کام کہیں ہو
پر اس دل بیتاب کو آرام کہیں ہو

خورشید کے مانند پھروں کب تئیں یارب
ہر صبح کہیں ہووے مجھے شام کہیں ہو

میخانۂ عالم ہے وہ بے ربط کہ جس میں
ہووے جو صراحی کہیں تو جام کہیں ہو

وعدے تو مرے ساتھ کئے تو نے ہزاروں
پر ایک بھی انئوں میں سرانجام کہیں ہو

ہر چند نہیں صبر تجھے درد ولیکن
اتنا بھی نہ ملیو کہ وہ بدنام کہیں ہو

کیا فرق داغ و گل میں جس گل میں تو نہ ہو
کس کام کا وہ دل ہے جس دل میں تو نہ ہو

ہووے نہ حول و قوت اگر تیرے درمیان
جو ہم سے ہو سکے ہے سو تم سے کبھو نہ ہو

جو کچھ کہ ہم نے کی ہے تمنا ملی مگر
یہ آرزو رہی ہے کہ کچھ آرزو نہ ہو

جوں شمع جمع ہوویں گر اہل زبان ہزار
آپس میں چاہئے کہ کبھی گفتگو نہ ہو

جوں صبح چاک سینہ مرا اے رفو گراں
یاں تو کسو کے ہاتھ بھی ہرگز رفو نہ ہو

اے درد زنگ صورت اگر اس میں جا کرے
اہل صفا میں آئینہ دل کو رو نہ ہو

سمجھنا فہم گر کچھ ہے طبیبی سے الٰہی کو
شہادت غیب کے خاطر تو حاضر ہے گواہی کو

نہیں ممکن کہ ہم سے ظلمت امکان زائل ہو
چھڑاوے آہ کوئی کیونکر زنگی سے سیاہی کو

عجب عالم ہے ادھر سے ہمیں ہستی ستاتی ہے
ادھر سے نیستی آتی ہے دوڑی عذر خواہی کو

نہ رہ جائے کہیں تو زاہدا محروم رحمت سے
گنہگاروں میں سمجھا ہے گر اپنی بے گناہی کو

نہ لازم نیستی اس کو نہ ہستی ہی ضروری ہے
بیاں کیا کیجئے اے درد ممکن کی تباہی کو

مجلس میں بار ہووے نہ شمع و چراغ کو
لاویں اگر ہم اپنے دل داغ داغ کو

جاتی تو ہے پہ تو زلف کے کوچے کو اے صبا
پر دیکھیو نہ چھیڑے کسی بے دماغ کو

بس بار دل زیادہ نہ ہو حسرت چمن
کیدھر لئے پھرونگا میں گلگشت باغ کو

بلبل کی طرح رشتۂ الفت میں دیکھ دل
نبد چھوانہ دیجیو کہیں بال فراغ کو

کیا چھپ رہی ہے پردہ مینا میں دختر رز
روشن کر اپنے جلوے سے چشم ایاغ کو

تمیز بے تمیزئے عالم کرے ہے کب
نالے سے عندلیب کے یاں بانگ زاغ کو

اے درد رفتہ رفتہ کیا آپ کو بھی گم
اس راہ میں چلا تھا میں کس کے سراغ کو

مست ہوں [illegible] پیر مغاں کیا مجھ کو فرماتا ہے تو
پائے بس خم کروں یا دست بوسی سبو

صبح اور خورشید کے [illegible] جیب کو
چاک کا موجب ہے تو ہی تو ہی اسباب رفو

مال دنیا اس کو [illegible]
پھر مجھے ہر پھر کے آ رہنا اسی کے روبرو

[illegible]
خاک ہونے نے کیا ہر ذرہ گرم جستجو

[illegible]
ایک قطرہ چھوڑے ہے تو ہووے ہمارا ہی لہو

[illegible] چراغ
دیکھ تجھ کو رہ گیا گلشن میں گل کا رنگ و بو

[illegible] پرست
سر اگر کاٹے انہوں کا محتسب مثل کدو

[illegible] روشن ضمیر
بن زباں شمع کو بھی چشم سے ہے گفتگو

صورت [illegible] مشتاق ہیں
رنگ گو ہے پر گل تصویر میں کیدھر ہے بو

[illegible] اس باغ [illegible] نکلے [illegible]
[illegible] دل کی پر نہ آئی درد [illegible] آرزو

ملاؤں کس کی آنکھوں سے کہو اس چشم حیراں کو
عیاں جب ہر جگہ دیکھوں کسی کے راز پنہاں کو

تجھے اے شمع کیا دیکھوں زمانہ تو دکھاتا ہے
ہمیں جوں کاغذ آتش زدہ اور ہی چراغاں کو

نہ تنہا کچھ یہی اطفال دشمن ہیں دوانو کے
بھرے ہے کوہ بھی دیکھا تو یاں پتھروں سے داماں کو

چمکتے ہیں ستاروں کی طرح سوراخ سینے کے
چھپایا گو کہ جوں خورشید میں داغ نمایاں کو

نہ واجب ہی کہا جاوے نہ صادق ممتنع اس کو
کیا تشخیص کچھ ہم نے نہ ہرگز شخص امکاں کو

نہ مطلب ہے گدائی سے نہ یہ خواہش کہ شاہی ہو
الٰہی ہو وہی جو کچھ کہ مرضئے الٰہی ہو

نگینے کے سوا کوئی بھی ایسا کام کرتا ہے
کہ ہو نام اور کا روشن اور اپنی روسیاہی ہو

نہیں شکوہ مجھے کچھ بے وفائی کا تری ہرگز
گلہ تب ہو اگر تو نے کسی سے بھی نباہی ہو

## رباعیات

اے درد یاں کسو سے نہ دل کو پھنسائیو
لگ چلنے سے یوں تو یہ جی مت ستائیو

میں دل کے ساتھ کب تئیں کشتی لڑا کروں
اب اختیار ہاتھ سے جاتا ہے آئیو

اپنے بندہ پہ جو کچھ چاہو سو بیداد کرو
ولہ یہ نہ آ جائے کہیں جی میں کہ آزاد کرو

نہ کہیں عیش تمہارا بھی منغص ہووے
دوستاں درد کو مجلس میں نہ تم یاد کرو

کتنا ٹک اشتیاق تو رفتار یار کو
ولہ آنکھوں میں کب تلک میں رکھوں انتظار کو

ویسا ہی اب تلک ہے وہ دامن تو اے صبا
کیا صبر لئے پھرے ہے تو میرے غبار کو

سر رشتۂ نگاہ تغافل نہ توڑیو
ولہ اے ناز اس طرف سے منہ اس کا نہ موڑیو

جاوے قفس سے یہ بے بال و پر کہاں
صیاد ذبح کیجو پر اس کو نہ چھوڑیو

دے لے جو کچھ کہ شیشے میں باقی شراب ہو
ولہ ساقی ہے تنگ عرصہ فرصت شتاب ہو

کہتا ہے آئینہ کہ نہیں ہے بعید اگر
دوراں کے ہاتھ سے دل آہن بھی آب ہو

کبھو ہم نے نہ پایا مہرباں اے تند خو تجھ کو
ولہ نہ دیکھا آنکھ بھر کے ایک دم خورشید رو تجھ کو

تمنائیں مبدل حسرتوں سے ہو گئیں دل میں
رہی تو بھی نہ ملنے کی ہماری آرزو تجھ کو

دل نالاں کو یاد کر کے صبا
ولہ اتنا کہنا جہاں وہ قاتل ہو

نیم بسمل کوئی کسو کو چھوڑ
اس طرح بیٹھتا ہے غافل ہو

## فرد

میں نہیں کہتا کہیں تم اور مت جایا کرو ۔ بندہ پرور اس طرف کو بھی کبھی آیا کرو

## ردیف الہا

ہر طرح زمانے کے ہاتھوں سے ستمدیدہ ۔ گر دل ہوں تو آزردہ خاطر ہوں تو رنجیدہ

ہم گلشن دوراں میں اے خفتگی طالع ۔ سرسبز تو ہیں لیکن جوں سبزۂ خوابیدہ

اے شور قیامت رہ اپنے سر ہی میں کہتا ہوں ۔ چونکے نہ ابھی یاں سے کوئی دل شوریدہ

اوروں سے تو ہنستے ہو نظروں سے ملا نظریں ۔ ایدھر کو نظر کوئی پھینکی بھی تو دزدیدہ

مجھ پہ بھی تو یہ عقدہ تو کھول صبا بارے ۔ زلفوں نے کسے بھیجا یہ نامۂ پیچیدہ

بدخواہ سبھی عالم گو ہووے تو ہو لیکن ۔ یارب نہ کسی کے ہوں دشمن یہ دل و دیدہ

کرتا ہے جگہ دل میں جوں ابروِ پیوستہ ۔ اے دردؔ یہ تیرا ہے ہر مصرعہ چسپیدہ

رکھتی ہے میرے غنچۂ دل میں وطن گرہ ۔ تجھ سے نہ کھل سکے گی صبا یہ کٹھن گرہ

چشم کشادہ کار کسو سے نہیں مجھے ۔ رکھتا ہوں میں بسان گہر جملہ تن گرہ

پہنچے گر اس طرف کو تری زلف کی شمیم ۔ نافے ہی میں ہو نکہت مشک ختن گرہ

اپنی اگر گرفتہ دلی ذکر کیجیے ۔ ہو سبحہ وار خاطر اک انجمن گرہ

ہر چند سعی میں ہی رہا ناخن ہلال ۔ کھلتی ہے پر سپہر کی کوئی کہن گرہ

جب چاہیے کہ عقدۂ دل تجھ پہ کھولیے ۔ ہوتا ہے آ زباں پہ میری سخن گرہ

تنگی سے تن کے جامہ کی ہوتا ہے دل خفا ۔ ہے جوں حباب جان پہ یہ پیرہن گرہ

ہر چند کھولی تو نے پتھر کے جی سے گانٹھ ۔ شیریں کے دل سے پر نہ کھلی کوہکن گرہ

کیونکر لگا رعشق گرہ در گرہ نہ ہو ۔ یاں دل گرہ کی شکل ہے اور واں دہن گرہ

جیسا کسی کو چھوڑے نہ یہ گانٹھ زہر کی ۔ زلف سیہ وہ سانپ ہے جس کا ہے من گرہ

واشد کبھو تو دردؔ کے بھی ساتھ چاہیے ۔ بند قبا سے کھول ٹک اے گلبدن گرہ

رابطہ ہے نازنیناں کو تو میری جان کیساتھ
جی ہے وابستہ مرا اُن کی ہر اک آن کیساتھ

اپنے ہاتھوں کے بھی میں زور کا دیوانہ ہوں
رات دن کشتی ہی رہتی ہے گریبان کیساتھ

جو کہ جفا جو ہیں انہیں سنگدلی لازم ہے
کام تلوار کو رہتا ہے سدا سان کیساتھ

گر مسیحا نفسی ہے یہی اے مطرب تو خبر
جی ہی جاتے ہیں چلے تیری ہر اک تان کیساتھ

درد ہر چند میں ظاہر میں تو ہوں مور ضعیف
زور نسبت ہے و لے مجھ کو سلیمان کیساتھ

کاش تا شمع نہ ہوتا گذر پروانہ
تم نے کیا قہر کیا بال و پر پروانہ

شمع کے صدقے تو ہوتے ابھی دیکھا تھا اسے
پھر جو دیکھا تو نہ پایا اثر پروانہ

گر ترا حسن برشتہ نظر آجائے اسے
مت رہے آگ میں سوز جگر پروانہ

کیوں اسے آتش سوزاں پہ لئے جاتی ہے
سوجھتا بھی ہے تجھے کچھ نظر پروانہ

ایک ہی جست میں کی منزل مقصود اس نے
رہرو رشک کی جا ہے سفر پروانہ

شمع تو جل بجھی اور صبح نمودار ہوئی
پوچھوں اے درد میں کس سے خبر پروانہ

دل پہ بے اختیار ہو کر آہ
تو ہی کب تلک نہ اٹھے کراہ

خوش خرامی ادھر بھی کیجئے گا
میں بھی جوں نقش پا ہوں چشم براہ

کیا کہوں تجھ سے ہمنشیں دل میں
برچھی سی لگتی ہے وہ ترچھی نگاہ

جو ہوئے ہیں قرار آپس میں
ہیں ترا اور تو ہے میرا گواہ

جب پہ تقصیر وار تو سمجھو
ابھی ایسا تو کچھ نہیں ہے گناہ

ہنسنے اور بولنے کی باتیں کرو
نام اُس کا نہ لو کہاں ہے چاہ

دیدوادید رکھئے جائے گا
جب تلک ہو ملاپ خاطر خواہ

بت پرستی نہیں شعار اپنا
ہم کو ایسا نہ سمجھیو واللہ

شوخ تو اور بھی ہیں دنیا میں
یہ تیری شوخی کچھ عجب ہے واہ

ہر گھڑی کان میں وہ کہتا ہے
کوئی اس بات سے نہ ہو آگاہ

درد اپنی طرف سے حاضر ہے
آگے پھر ہے تمہارے ہاتھ نباہ

جوں جرس دل کے ساتھ میرے آہ
نہیں نالے سوا کوئی ہمراہ

قصۂ زلف یار کیا کہیئے
ہے دراز اور عمر ہے کوتاہ

درد درویش ہوں مری تعظیم
خلق کرتی ہے کہہ کے یا اللہ

دل سوا کس کو ہوا اس زلف گرہ گیر میں راہ
ہے دوانوں کی طرح خانۂ زنجیر میں راہ

ہم سے بے جانوں سے شرمندہ دم عیسیٰ ہے
ہو صبا کے تئیں کب غنچۂ تصویر میں راہ

نالۂ دل میں لئے تجھ کو پھرا شہر بشہر
آہ پر تو نے نہ کی ٹک دل تاثیر میں راہ

بیگانہ گر نظر پڑے تو آشنا کو دیکھ
بندہ گر آوے سامنے تو بھی خدا کو دیکھ

آہن ہویا ہو سنگ ہے سب جلوہ گاہ یار
جوں آئینہ ہر ایک گذر میں صفا کو دیکھ

## ردیف الیا

اسکی بہار حسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
فصل بہار جس کی ہاں ایک یہ گلفروش ہے

بخت سیہ برنگ شب بت ہی گلیم پوش ہے
شمع بھی اپنے ہاں اگر ہے تو سدا خموش ہے

خلوت دل میں کر دیا اپنے حواس میں خلل
حسن بلائے چشم ہے نغمہ وبال گوش ہے

ہووے تو درمیان سے آپ اپنے تئیں اٹھائیے
بار نہیں ہے اور کچھ سر ہی وبال دوش ہے

نالہ و آہ کیجئے خون جگر ہی پیجئے
عہد شباب کہتے ہیں موسم نا و نوش ہے

خیر تجھے جو چاہئے بدرقۂ جنون نہ چھوڑ
ہم سے جہان کی بیہری رہزن خلق ہوش ہے

بیخبروں کو پھر کہیں دست قضا نہ چھیڑ تو
مثل دہل ہر ایک میں ورنہ بھرا خروش ہے

خیر ملال زاہدا کیا ہے طریق زہد میں
دل ہو شگفتہ جس جگہ کوچہ میفروش ہے

اپنے تئیں تو کام کچھ خرقہ و جامہ سے نہیں
درد اگر لباس ہے دیدہ عیب پوش ہے

آفت جان و دل خوباں وہ بت خود فروش ہے
پہلے ہی جس کے پیشکش صبر و قرار و ہوش ہے

دل کو سیاہ مست کر گر تجھے کچھ بھی ہوش ہے
کہتے ہیں کعبہ اس کو اور کعبہ سیاہ پوش ہے

کس کی یہ بو لیے ہے صبا گفت و شنید باغ میں
غنچے سبھی وہاں ہیں لب گل بھی تمام گوش ہے

آتش گل جنوں مرا گرم کرے سو یہ نہیں
سینہ ہمیشہ آگ ہے دل میں سدا ہی جوش ہے

حادثہ زمانہ کیا تیری جفا سو کیا بھلا
ہم کو سپہر مت ڈرا نیش بھی یاں تو نوش ہے

ہم نے تو ایک معصیت چاہی چھپے نہ چھپ سکی
اپنے گناہ کو ترا عفو ہی پردہ پوش ہے

آہ کہیں یہ ناتواں حال کرے سو کیا بیاں
منہ پہ ہے مہر خامشی دل میں بھرا خروش ہے

دور نہیں ہوا ہمیں رنج شعور ساقیا
اک دو سے جام اور بھی باقی ابھی تو ہوش ہے

محنت و رنج و غم سے یاں درد جی چھپا بیٹھیے
بار سبھی اٹھائیے جب تئیں سر ہے دوش ہے

اس کو سکھلائی یہ جفا تو نے
کیا کیا اے مری وفا تو نے

بیکسی کو کیا عبث بیکس
قتل کر مجھ کو کیا کیا تو نے

حال سن کر مرا لگا کہنے
میں سنا کچھ نہ کیا کہا تو نے

ہم نہ کہتے تھے ہو تو مت عاشق
پائی دل اپنی کچھ سزا تو نے

جی تو جی سے ترے رہا ہے پل
منہ لیا موڑ کیا ہوا تو نے

درد کوئی بلا ہے شوخ مزاج
اس کو چھیڑا برا کیا تو نے

دل مرا پھیر دکھا دیا کس نے
سو گیا تھا جگا دیا کس نے

میں کہاں اور خیال بوسہ کہاں
منہ سے منہ یوں بھڑا دیا کس نے

وہ میرے چاہنے کو کیا جانے
یہ سند لیا سنا دیا کس نے

ہم بھی کچھ دیکھتے سمجھتے تھے
سب یکایک چھپا دیا کس نے

وہ بلا سے بھاگتا تھا اور
درد تجھ تک بلا دیا کس نے

اہلِ فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے
لوحِ مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے

فارغ ہو بیٹھ فکر سے دونوں جہان کی
خطرہ جو ہے سو آئینۂ دل پہ زنگ ہے

حیرت زدہ نہیں ہے فقط تو ہی آئینہ
یاں تک کبھی جس کی آنکھ کھلی ہے سو دنگ ہے

اس ہستیٔ خراب سے کیا کام تھا ہمیں
اے نشۂ ظہور یہ تیری ترنگ ہے

گلگیر منہ پسار نہ تو شمع کی طرف
اس کی زبان ہی کسے کام نہنگ ہے

کب ہے دماغ عشق بتانِ فرنگ کا
مجھ کو تو اپنی ہستی ہی قیدِ فرنگ ہے

عالم سے اختیار کی ہرچند صلحِ کل
پر اپنے ساتھ مجھ کو شب و روز جنگ ہے

ہیں کیا کہوں تجھے نظر آیا نہیں ہے کیا
اس گلشنِ جہاں کا جو کچھ کہ ڈھنگ ہے

غنچہ شگفتہ ہووے ہی ہووے کہ اس میں درد
دیکھا چمن میں جاکے تو کچھ اور رنگ ہے

وحدت نے ہر طرف ترے جلوے دکھا دئے
پردے تعینات کے جو تھے اٹھا دئے

ہوں کشتۂ تغافلِ ہستیٔ بے ثبات
خاطر سے کون کون نہ اس نے بھلا دئے

روتی ہیں چشم اب تئیں یہ تیری دادخواہ
کتنے ہی تیغِ ابرو سے قصے چکا دئے

عنقا کی طرح جتنے تھے یاں نامور فلک
تو نے خدا ہی جانے کہ کیدھر اڑا دئے

پگھلا دل اثر نہ مرے حال پر کبھی
ہرچند رونے رونے میں نالے بہا دئے

یارب یہ کیا خرام ہے جس نے اک آن میں
کتنے ہی مردے حشر سے آگے جلا دئے

عالم میں جتنے پاک گہر تھے سو ایک ایک
ادنےٰ سے روزگار نے یوں ہی گھلا دئے

صیاد کہتے ہیں کہ گرفتاریاں گئی
صدقے کر اپنے آج کسی نے چھڑا دئے

ابرو مژہ یہ چشم تو کیا ہے یہ گھر کے گھر
تو نے برس برس کے ہزاروں بہا دئے

دونوں جہان کی نہ رہی کچھ خبر اسے
دو پیالہ تیری آنکھوں نے جس کو پلا دئے

اے شورِ حشر گردشِ دوراں نے اہلِ قبر
ٹک بھی نہ سونے پائے کہ وونہیں جگا دئے

چاہو فنا کرو۔ نہ کرو اختیار ہے
خطرے جو اپنے جی میں تھے وہ سب اٹھا دئے

سیلابِ اشکِ گرم نے اعضائے مرے تمام
اے درد کچھ بہا دئے اور کچھ جلا دئے

گر باغ میں خنداں وہ مرا لب شکر آوے
گل سامنے داماں سے منہ ڈھانپ کر آوے

قاصد سے کہو پھر خبر اُدھر ہی کو لیجاوے
یاں بیخبری آگئی جب تک خبر آوے

لوٹے ہے تڑپ سے گنج شہیداں کو غریبی
جی دینے کو ظالم کوئی کس بات پر آوے

زاہد کو جتا دیجئے بیخود ہیں یہ رندان
آتا ہے تو خود داری کو گھر ہی میں دھر آوے

کہتے ہیں کہ یک دست تری تیغ چلی ہے
تب جانئے کہ جب اک دو قدم چل اُدھر آوے

جوں خواب ہے وابستہ بغفلت یہ تماشہ
کھل جائے اگر آنکھ تو پھر کیا نظر آوے

اے صبح رواں تیری مدد ہووے تو شاید
اس بحر میں ہم سے بھی کوئی شعر تر آوے

مطلق بھی نہیں درد اضافت سے مبرا
عہدے سے تقید کے کوئی کیونکہ بر آوے

اذیت کوئی تیرے غم کی میرے جی سے جاتی ہے
کبھو ٹک دل کیا خالی تو پھر چھاتی بھر آتی ہے

سناؤں کیونکہ اپنا حال میں کیا سخت مشکل ہے
یہ قصہ جب لگوں کہنے تو اس کو نیند آتی ہے

نہیں مشتاق آئینہ کے جو وہ صاف طینت ہیں
صفا تو عارضی ہے اور کدورت اسکی ذاتی ہے

قیامت سر زمین دل پہ میرے حشر برپا ہے
ہوس ہر دم تمنائیں تو یہ کچھ اٹھاتی ہے

اگر آئینہ در چار آئینہ ٹھہرے نہ ہو سنمکھ
سپر ہوں تیر مژگاں کا سو یہ میری ہی چھاتی ہے

پریکھانت ہی رہتا ہے مجھ کو درد کیا کہئے
کہ ایسی زندگی سی چیز یوں ہی مفت جاتی ہے

چھاتی پہ گر پہاڑ بھی ہووے تو ٹل سکے
مشکل ہے جی میں بیٹھے سو جی سے نکل سکے

نشو و نما کی کس کو امید اے بہاریاں
میں خشک شاخ ہوں کہ نہ پھولے نہ پھل سکے

تحریک ہے یہ اس ید قدرت کی ورنہ کب
بے دست و پا صبا سے کوئی پات ہل سکے

مثل حباب جب کہ نظر سے گیا گیا
میں وہ غریق ہوں کہ نہ ڈوبا اچھل سکے

گرنے نہ دیویں خلق کی نظروں سے دل کو ہم
کوئی اگر کسو کے سنبھالے سنبھل سکے

روشن ضمیر جتنے ہیں عالم میں جوں نجوم
چرخ آسیا سے اپنے یہ دانے نہ دل سکے

کرتے عبث ہو شیشہ گراں سنگ کو گداز
پگھلائیے جو تم سے کوئی دل پگھل سکے

کہہ اور بھی غزل کوئی پر اس ردیف میں
اے درد قافیہ کو اگر تو بدل سکے

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تو سما سکے

وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آ سکے
آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھا سکے

میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اٹھا سکے

قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے
اس کا پیام دل کے سوا کون لا سکے

غافل خدا کی یاد پہ مت بھول زینہار
اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے

یارب یہ کیا طلسم ہے ادراک و فہم یاں
دوڑے ہزار آپ سے باہر نہ جا سکے

گو بحث کر کے بات بٹھائی پہ کیا حصول
دل سے اٹھا خلاف اگر تو اٹھا سکے

اطفائے نار عشق نہ ہو آب اشک سے
یہ آگ وہ نہیں جسے پانی بجھا سکے

مست شراب عشق وہ بیخود ہے جس کو حشر
اے درد چاہے لائے بخود پھر نہ لا سکے

قسم ہے حضرت دل ہی کے آشیانے کی
ہوس ہو جی میں جو دیر و حرم کے جانے کی

طریق اپنے پہ اک دور جام چلتا ہے
وگرنہ جو ہے سو گردش میں ہے زمانے کی

کیا جگر کو مرے داغ تیر سے عدوں نے
خبر سنی جو کہیں میں کسو کے آنے کی

ذقطر نہ کیجیو تو میرے دل کے خطروں پر
نہ جی میں لائیو کچھ بات کیا دو آنے کی

جفا و جور اٹھانے پڑے زمانے کے
ہوس تھی جی میں کسو ناز کے اٹھانے کی

طریق ذکر تو ہے درد یاد عالم کو
طرح بتاؤ کچھ اپنے تئیں بھلانے کی

کوئی بھی دوا اپنے تئیں راس نہیں ہے
جز وصل سو ملنے کی کوئی آس نہیں ہے

وہ اشک نکلتا ہے مری چشم سے جس کا
ہر قطرہ کم از پارہ الماس نہیں ہے

زنہار ادھر کھولیو مت چشم حقارت
یہ فقر کی دولت ہے کچھ افلاس نہیں ہے

گذرا ہے بتا کون صبا آج ادھر سے
گلشن میں پڑی پھولوں کی یہ باس نہیں ہے

بے فائدہ انفاس کو ضائع نہ کر اے درد
ہر دم دم عیسیٰ ہے تجھے پاس نہیں ہے

ہاں عیش کے پردے میں بھی دل شکنی ہے
ہر بزم طرب چوں مژہ برہم زدنی ہے

دل ٹکڑے کیا ہے یہ ترا کس کے لبوں نے
جو لخت ہے سو رشک عقیق یمنی ہے

کیا کام مجھے خوف و رجا سے کہ مرے پاس
ہے جان سو بیجان ہے دل ہے سو غنی ہے

تن پروری خلق مبارک ہو انہیں ہاں
جوں نقش قدم ادر ہی آسودہ تنی ہے

آگے جو بلا آئی تھی سو دل پہ ٹلی تھی
ابکے تو مری جان ہی پر آن بنی ہے

اے درد کہوں کس سے بنا راز فصاحت
عالم میں سخن چینی ہے یا طعنہ زنی ہے

آتش عشق جی جلاتی ہے
یہ بلا جان ہی پہ آتی ہے

تو ہے اور سیر باغ ہے ہر وقت
داغ ہیں اور میری چھاتی ہے

شام بھی ہو چکی کہیں اب تو
آ شتابی کہ رات جاتی ہے

کچھ مناسب نہیں ہے کیا کہئے
جی میں جو کچھ کہ اپنے آتی ہے

ٹک خبر لے کہ ہر گھڑی ہم کو
اب جدائی بہت ستاتی ہے

درد اس کی بھی دید کر لیجئے
نوجوانی یہ مفت جاتی ہے

ہے غلط گر گمان میں کچھ ہے
تجھ سوا بھی جہان میں کچھ ہے

دل بھی تیرا ہی ڈھنگ سیکھا ہے
آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے

بے خبر تیغ یار کہتی ہے
باقی اس نیم جان میں کچھ ہے

ان دنوں کچھ عجب ہے میرا حال
دیکھتا کچھ ہوں دھیان میں کچھ ہے

اور بھی چاہیے سو کہیے اگر
دل نامہربان میں کچھ ہے

درد تو جو کرے ہے جی کا زیان
فائدہ اس زیان میں کچھ ہے

آرام سے کبھو بھی نہ یک بار سو گئے ‏— ایسے ہمارے طالع بیدار سو گئے

خواب عدم سے چونکے تھے ہم تیرے واسطے ‏— آخر کو جاگ جاگ کے ناچار سو گئے

اٹھتی نہیں ہے خانۂ زنجیر سے صدا ‏— دیکھو تو کیا سبھی یہ گرفتار سو گئے

تیری گلی ہے یا کوئی آرام گاہ ہے ‏— رکھتے قدم کے پاؤں تو ہر بار سو گئے

وہ مر چکے جو رونق بزم جہان تھے
اب اٹھئے درد یاں سے کہ سب یار سو گئے

آج نالوں نے مری زوری دلسوزی کی ‏— زخم دل جنتے تھے یاں سب کی جگر دوزی کی

جی پہ رہتی ہے چڑھی زلف کسو کی ہیرے ‏— اور تو کیا کہوں میں اپنی سیہ روزی کی

قہر بکتے ہیں عبث میرے پیارے تیری ‏— بیوفائی نہیں محتاج بد آموزی کی

کیونکہ تشبیہ ترے ساتھ اسے دے کوئی ‏— شمع کو آتی نہیں طرح دل افروزی کی

شعر کی فکر بن آتی ہے اسی سے جس کو
درد کی طرح کبھو فکر نہ ہو روزی کی

جوں سخن اب یاد اک عالم رہے ‏— زندگانی تو چلی جا ہم رہے

تا ابد جوں قطرہ مجھ سا منفعل ‏— جس جگہ سجدہ کرے وو نم رہے

بہ چلا آنکھوں سے دل ہو کر گداز ‏— منہ پہ آکر جم رہے لو جم رہے

رک نہیں سکتی ہے یاں کی واردات ‏— کب یہ ہو سکتا ہے دریا تھم رہے

ہے زمانہ وہ کہ مثل آسماں ‏— جس کے آگے اہل رفعت خم رہے

ہم ہی اس وحشت سرا میں ہیں اداس ‏— اور بھی جو آئے سو یاں کم رہے

ہے محال عقل زیر آسماں ‏— حرص ہو جس دل میں وہ خرم رہے

کب تک آتش کیا کرے یوں قہقہے ‏— چیونٹیوں کے گھر سدا ماتم رہے

رکھ نفخت فیہ من روحی کو یاد
جب تلک اے درد دم میں دم رہے

بلبل نہ بر آئے باغبان سے ‏— گل کا بھی نہ کچھ چلے خزاں سے

جی فنا ہو ہی گیا اک نگہ گرم کے ساتھ
درد کچھ اور عنایات نہ ہونے پائی

فرصت زندگی بہت کم ہے — مغتنم ہے یہ دید جو دم ہے
گو سراپا ہے آب آئینہ — اپنی آنکھوں میں چشم بے نم ہے
دل صد چاک ہے گل خنداں — شادی و غم جہاں میں توام ہے
دین و دنیا میں تو ہی ظاہر ہے — دونوں عالم کا ایک عالم ہے
خیر و شر کو سمجھ کہ ہیں دو زہر — سانپ کی زیست ہے تجھے سم ہے
مست عبادت پہ بھولیو زاہد — سب طفیل گناہ آدم ہے
سلطنت پر نہیں ہے کچھ موقوف — جس کے ہاتھ آوے جام سو جم ہے
اپنے نزدیک باغ میں تجھ بن — جو شجر ہے سو نخل ماتم ہے
نہ ملیں گے اگر کہے گا تو تُو — تیری خاطر ہمیں مقدم ہے
دل عاشق کی بے قراری کو — وہ ہی سمجھے گا جو کہ محرم ہے

درد کا حال کچھ نہ پوچھو تم
وہ ہی رونا ہے نت وہی غم ہے

دل مرا باغ دلکشا ہے مجھے — دیدہ جام جہاں نما ہے مجھے
چشم نقش قدم ہوں میں بیکس — خاک آنکھوں میں طوطیا ہے مجھے
تجھ سے ہر چند تو مکدر ہے — تجھ سے پر اور ہی صفا ہے مجھے
کہیں خاموش ہو کہ مثل شمع — اے زباں تجھ سے ہی گلہ ہے مجھے
پاؤں لرزے ہے مست کے مانند — شیشۂ مے بھرا ملا ہے مجھے
درد تیرے بھلے کو کہتا ہوں — ق یہ نصیحت سے مدعا ہے مجھے

ورنہ ان بے مروتوں کے لئے
اور بھی رو خراب کیا ہے مجھے

یارو مرا شکوہ ہی بھلا کیجئے اس سے — مذکور کسی طرح تو جا کیجئے اس سے

لیتے ہیں مژہ سے کام ابرو
یہ تیر ملے نہ گو کمان سے

جوں غنچہ وبال دل ہے غافل
ہر خندہ کہ نکلے ہے وہاں سے

مانند صبا تری گلی میں
جو کوئی گیا پھر آنہ واں سے

ہے سیف زبان تری یہ مست
کہ ساغر چشم دل ستاں سے

دو بین وہ ہوا قلم کے مانند
جو حرف نکل گیا زباں سے

شیخوں کیلئے فلک پھرے ہے
کھینچے ہوئے تیغ کہکشاں سے

ہر آن ہیں واردات دل پر
آتا ہے یہ قافلہ کہاں سے

بدنام کرے ہے دختر رز
مغ ناس کو نکال اپنے یاں سے

ہے مثل چراغ درد میرا
دشمن دم عیسوی بھی جان سے

نہ ہاتھ اٹھائے فلک گو ہمارے جینے سے
کسے دماغ کہ ہو دو بدو کمینے سے

نہیں خیال مجھے خاتم سلیماں کا
برنگ نام ہوں برکندہ دل نگینے سے

بسان دانۂ انگور مے پرستوں نے
لیا ہے فیض مرے دل کے آبگینے سے

ترقی اور تنزل کو یاں کے کچھ عرصہ
مثال ماہ زیادہ نہیں مہینے سے

مجھے یہ ڈر ہے دل زندہ تو نہ مر جاوے
کہ زندگانی عبارت ہے تیرے جینے سے

مآل کار سمجھایا قبور نے ہم کو
یہ نقد مال لگا ہاتھ اس دفینے سے

بسا ہے کون ترے دل میں گلبدن اے درد
کہ بو گلاب کی آئی ترے پسینے سے

جی کی جی ہی میں رہی بات نہ ہونے پائی
حیف ہے اس سے ملاقات نہ ہونے پائی

دید وا دید ہوئی دور سے میرے اس کی
پر جو میں چاہتا تھا سو بات نہ ہونے پائی

کون وہ بے سر و سامان ہے کہ یاں دیدۂ اشک
جس کی خاطر کہیں برسات نہ ہونے پائی

اٹھ چلے شیخ جی تم مجلس رنداں سے شتاب
ہم سے کچھ خوب مدارات نہ ہونے پائی

جی میں منظور تھی جو آپ کی خدمتگاری
سو تو اے قبلۂ حاجات نہ ہونے پائی

جوں جوں وہ کہے ہے تو یہی آتی ہے جی میں
پھر چھیڑئیے اور باتیں سنا کیجئے اس سے

سو مرتبہ یوں ٹھہر چکی اس سے نہ ملئے
دو دن بھی نہیں ملتی ہے کیا کیجئے اس سے

بیزار اگر مجھ سے ہو مختار ہو بہتر
دل جس سے ملے اپنا ملا کیجئے اس سے

ہم کہتے نہ تھے درد میاں چھوڑ یہ باتیں
پائی نہ سزا اور وفا کیجئے اس سے

سرسبز تھا نیستاں میرے ہی اشک غم سے
تھے سینکڑوں ہی نالے وابستہ ایکدم سے

واقف نہ یاں کسو سے ہم ہیں نہ کوئی ہم سے
یعنی کہ آگئے ہیں بہکے ہوئے عدم سے

ہیں گو نہیں ازل سے پر تا ابد ہوں باقی
میرا حدوث آخر جا ہی بھڑا قدم سے

گر چاہیئے تو ملئے اور چاہیئے نہ ملئے
سب تم سے ہو سکے ہے ممکن نہیں تو ہم سے

مشتاق گر ترا کچھ لکھے تو کیا عجب ہے
ہوں مثل نرگس آنکھیں پیدا ابھی قلم سے

ہر چند یہ تمنا درخور نہیں ہمارے
نزدیک تو جو آوے کیا دور ہے کرم سے

اب ہیں کہاں وہ نالے سرگشتگی کدھر ہے
تھیں سب یہ باتیں ثابت تیرے ہی دم قدم سے

ہے اک نگاہ کافی گو ہووے گاہے گاہے
چنداں نہیں ہے مطلب عاشق کو بیش و کم سے

کاہے کو ہوتی ہم کو گردش نصیب طالع
گر پاؤں اپنا باہر رکھتے نہ ہم عدم سے

آتے ہیں دام میں کب خورشید رو کسو کے
اے شیخ یہ نہیں ہیں تسبیح کے سے تسمے

ہے درد پر بھی کچھ تو میری ہی سی مصیبت
گھبرے ہے اور ہی غم چھوٹے جو ایک غم سے

میرا جی ہے جب تک تری جستجو ہے
زباں جب تلک ہے یہی گفتگو ہے

خدا جانے کیا ہوگا انجام اس کا
میں بے صبر اتنا ہوں وہ تند خو ہے

تمنا ہے تیری اگر ہے تمنا
تری آرزو ہے اگر آرزو ہے

کیا سیر سب ہم نے گلزار دنیا
گل دوستی میں عجب رنگ و بو ہے

غنیمت ہے یہ دید وا دید یاراں
جہاں مند گئی آنکھ میں ہوں نہ تو ہے

نظر میرے دل کی پڑی درد کس پر
جدھر دیکھتا ہوں وہی رو برو ہے

روندے ہے نقش پا کی طرح خلق یاں مجھے
اے عمر رفتہ چھوڑ گئی تو کہاں مجھے

اے گل تو رخت باندھ اٹھاؤں میں آشیاں
گلچیں تجھے نہ دیکھ سکے باغباں مجھے

رہتی ہے کوئی بن کئے میرے تئیں تمام
جوں شمع چھوڑ نیکی نہیں یہ زباں مجھے

پتھر تلے کا ہاتھ ہے غفلت کے ہاتھ دل
سنگ گراں ہوا ہے یہ خواب گراں مجھے

کچھ اور کنج غم کے سوا سوجھتا نہیں
آتا ہے یاد جب سے وہ کنج وہاں مجھے

جاتا ہوں خوش دماغ جو سن کر اسے کبھو
بدلے ہے وو ہیں نظریں وہ دیکھا جہاں مجھے

جاتا ہوں بسکہ دم بدم اب خاک میں ملا
ہے خضر راہ ورد یہ ریگ رواں مجھے

کب تنزا دیوانہ آوے قید میں تدبیر سے
جوں صدا نکلا ہی جائے خانۂ زنجیر سے

قدر مردوں کی سمجھنے کے نہیں یہ مایہ دار
جوہری واقف نہ ہووے جوہر شمشیر سے

دیکھنا تو آگے از خود رفتگاں کا حال ٹک
جا بجا سب پشت بر دیوار ہیں تصویر سے

منعم ایسے قصر لاکھوں مل گئے ہیں خاک میں
جز خرابی کے بنا کیا فائدہ تعمیر سے

دردو ابہ ہنستے ہیں رونے پر مرے سب خاص و عام
کیا ہوئے وہ نالے جو لگتے تھے دل میں تیر سے

ہچکتی ہے وحشت کو مری چشم تر سے
آتی ہے نظر پھر وہیں غائب ہو نظر سے

اے ہم وطناں اب کی یہ غیرت زدہ ہرگز
پھرنے کا نہیں عمر کے مانند سفر سے

کیوں تیغ تیری دشمنی کرتی ہے مرے ساتھ
مجھ کو تو نہیں کام کسو کی بھی کمر سے

جاؤں میں کدھر جوں گل بازی مجھے گردوں
جانے نہیں دیتا ہے ادھر سے نہ ادھر سے

کعبے بھی بھلا شیخ ترے ساتھ چلیں گے
اب ادھر کو پھریں گے ہم اگر یار کے گھر سے

اس طرح کے رونے سے تو جی اپنا رکے ہے
اے کاش یہ ابر مژہ دل کھول کے برسے

کھلتی ہے مری آنکھ جو احوال پہ اپنے
جوں شمع گھٹا جاتا ہوں میں اپنی نظر سے

اے سنگ جو کچھ تو نے کیا شیشے کے حق میں
کرتا ہے کوئی بھی یہ سلوک اپنے جگر سے

گر خاک مری سرمۂ ابصار نہ ہووے
تو کوئی نظر قابل دیدار نہ ہووے

سررشتۂ الفت ہے بڑا شیخ و برہمن
یہ رشتہ بہ سبحہ و زنار نہ ہووے

گر قید ای قسمت میں ہے کچھ اور ہو یارب
پر دل کسو دل سے تو گرفتار نہ ہووے

پھر موت کسی طرح تو نزدیک نہ پھٹکے
دنیا میں یہ جینے کا جو آزار نہ ہووے

دل دے کے ستمگار سے اظہار محبت
ایسا کہیں پھر دیکھیو تو زنہار نہ ہووے

گر زندگی اس طور سے اے درد جہاں میں
خاطر پہ کسو شخص کے تو بار نہ ہووے

دیا ہے کس کی نظر نے یہ اعتبار مجھے
کہ ایک دم بھی نہیں اپنے پاس بار مجھے

سوائے تیرے کسو سے نہیں ہیں واشدیاں
مثال آئینہ اے چشم انتظار مجھے

ہمیشہ اپنی نظر میں سبک میں رہتا ہوں
دیا ہے اوروں کی نظروں نے گو وقار مجھے

کبھو ہی جی میں نہ گذرا خیال سرتابی
برنگ سایہ بنایا ہے خاکسار مجھے

تمہارے وعدے نہاں خوب میں سمجھتا ہوں
رہا ہے ایسے ہی لوگوں سے کاروبار مجھے

یہ کون برق تجلی ہوا ہے آفت جاں
کہ ایک دم نہیں جوں شعلہ اب قرار مجھے

جفا و جور تو ظالم سبھی گوارا ہیں
مگر یہ رسم جدائی ہے ناگوار مجھے

یہ آپ ہی آپ کدھر تیوریاں بدلتے ہو ؟
دکھائیے تو سہی منہ بھی ایک بار مجھے

اس امر میں بھی یہ بے اختیار ہے بندہ
ملا ہے درد اگر یاں کچھ اختیار مجھے

غرض کیا کہے ہوس اک دو قدم ہی باغ ہے
آپ کہیں نہ جائیے ملتا نہیں سراغ ہے

دیکھئے جس کو یاں آئے اور ہی کچھ دماغ ہے
ایک شب چراغ بھی گوہر شب چراغ ہے

غیر سے کیا معاملہ آپ ہی اپنے دام میں
قید خودی نہ ہو اگر پھر تو عجب فراغ ہے

حال مرا نہ پوچھئے جو کہوں میں سو کیا کہوں
دل ہے سو ریش ریش ہے دل ہے سو داغ داغ ہے

کھو نہ سکے کبھو خمار ہیرے نشے کی آبرو
دیدۂ آئینہ کی طرح تجھ سے بھرا ایاغ ہے

سینے میں یوں کہ آہ تو ہم سے تو چھپ رہا کہیں
اپنی تلاش ہے غرض ہم کو ترا سراغ ہے

غفلت دل [illegible]
بلبل و شاعران ترا اور نہ [illegible] داغ ہے

اپنے تئیں تو ہر گھڑی غم ہے الم ہے داغ ہے
یاد کرے ہمیں کبھی کب یہ تجھے دماغ ہے

جی کی خوشی نہیں کرو سبزہ و گل سے تم کچھ
دل ہو شگفتہ جس جگہ وہ ہی چمن ہے باغ ہے

کس کی یہ چشم مست نے بزم کو یوں چھکا دیا
مثل حباب سرنگوں شرم سے ہر ایاغ ہے

جلتے ہی جلتے صبح تک گذری اسے تمام شب
دل ہے کہ شعلہ ہے کوئی شمع ہے یا چراغ ہے

پائیے کس جگہ بتا اے بت بے وفا تجھے
عمر گذشتہ کی طرح گم ہی سدا سراغ ہے

سیر بہار و باغ سے ہم کو معاف کیجیے
اُس کے خیال زلف سے درد کسے فراغ ہے

لحظہ بلحظہ یاں بتا داغ پہ اور داغ ہے
تو بھی ادھر نگاہ کر ساخت مینا باغ ہے

تیری نگاہ مست نے سب سے یہ کی ہے میکشی
خون سے اپنے مثل گل ہم نے بھرا ایاغ ہے

دولت فقر کے حضور گرد ہے جاہ سلطنت
کہتے ہیں جس کو یاں ہما اپنی نظر میں زاغ ہے

اُس کے خیال زلف نے سب سے ہمیں چھڑا دیا
گرچہ پھنسے ہیں دام میں دل کے تئیں فراغ ہے

ہم نے کہا بہت اُسے پر نہ ہوا یہ آدمی
زاہد خشک بھی کوئی سخت ہی خر دماغ ہے

اہل نظر کو رہنا درد نہیں ضرور کچھ
مثل شمع رو ہی ہے چشم اور وہی چراغ ہے

پھنسنے کسی کی زلف میں کب ہمیں یہ دماغ ہے
لیجئے بو نسیم سے سو بھی کہاں دماغ ہے

شعلہ دل کو ہر گھڑی اے دم یاس مت بجھا
اپنی بساط میں یہاں ایک یہی چراغ ہے

ہووے رقیب روسیہ آپ کے سامنے جا بجا
کچھ بھی ہے ربط تجھ سے بہرہ کبک زاغ ہے

قصد ہے جس طرح بنے پہونچئے آپ تک کہیں
دن بھی یہی ہے جستجو رات یہی سراغ ہے

درد وہ گلبدن اگر تجھ کو نظر پڑا کہیں
آج تو اس قدر بتا کس لئے باغ باغ ہے

پہلو میں دل طپاں نہیں ہے
ہر چند کہ یاں ہے یاں نہیں ہے

عالم سے فراغ خواہ مخواہ رشت
جس دم نہیں ہم جہاں نہیں ہے

ڈھونڈا ہے تجھے تمام عالم
ہر چند کہ تو کہاں نہیں ہے

عنقا کی طرح میں کیا بتاؤں ۔ جز نام مرا نشاں نہیں ہے
جوں شمع نہ راز دل کہوں گا ۔ ایسی بھی مری زباں نہیں ہے
وعدے پہ ہو کیونکہ یاں تسلی ۔ ہرگز یہ مجھے گماں نہیں ہے
فریاد کہ درد جب تلک میں
تیار ہوں کارواں نہیں ہے

عشق ہرچند مری جان کو آکھاتا ہے ۔ پر یہ لذت تو ہے وہ جی ہی جسے پاتا ہے
آہ کب تک میں بکوں تیری بلا سنتی ہے ۔ باتیں لوگوں کی جو کچھ دل مجھے سنواتا ہے
ہمنشیں پوچھ نہ اس شوخ کی خوبی مجھ سے ۔ کیا کہوں تجھ سے غرض جی کو مرے بھاتا ہے
بات کچھ دل کی ہمارے تو نہ سلجھی ہم سے ۔ آپ ہی خوش ہوا پھر آپ ہی گھبراتا ہے
جی کڑا کر کے ترے کوچے سے جب جاتا ہوں ۔ دل دشمن یہ مجھے گھیر کے پھر لاتا ہے
راہ بیبندی کبھو اس شوخ تئیں ہم سے بھی ۔ دید وا دید تو ہوتی ہے جو مل جاتا ہے
درد کی قدر مرے یار سمجھنا واللہ
ایسا آزاد ترے دام میں یوں آتا ہے

یہ تحقیق ہے یا کہ افواہ ہے ۔ کہ دل کے تئیں دل سے یاں راہ ہے
اگر بے حجابانہ وہ بت ملے ۔ غرض پھر تو اللہ ہی اللہ ہے
عدم رفتگاں کو جو کہنا ہے کچھ ۔ تو قاصد ہمارا سر راہ ہے
نہ یاں علم و دانش نہ فضل و ہنر ۔ فقط ایک دل ہے کہ آگاہ ہے
گئے نالہ و آہ سب ہم نفس ۔ دم سرد ہی اک ہوا خواہ ہے
خدا اس کو رکھے سلامت رہے ۔ خبر گیر دل گاہ ہے گاہ ہے
یہ کیا درد تجھ پر مصیبت پڑی
کہ دن رات نالہ ہے اور آہ ہے

دشنام دے ہے غیر کو تو جان کر مجھے ۔ پیارے یہ لطف کیجیے پہچان کر مجھے
کل کی طرح سے آج بھی اب بیٹھ آچکی ۔ گھیرا اُسی خرابی نے پھر آن کر مجھے

آنا یہ بندہ خانہ اگر تجھ کو عار ہے
دولت سرا میں اپنے ہی مہمان کر مجھے

ہوں روبروے چشم تو ہیں سرمہ در گلو
پر کبھو زلف سے نہ پریشان کر مجھے

صدقے ہیں تیرے کب تئیں تڑپا کروں عبث
ہے روز عید آج تو قربان کر مجھے

ہیں شعر فہم جتنے زمانے میں لاعلاج
اے درد مانتے ہیں یہ سب آن کر مجھے

یاں غیب کے جلوہ تئیں یہ جلوہ گری ہے
جو شخص کہ گذرے ہے نظر سے نظری ہے

گر ناز کیے عشق تجھے رنگ دکھا دے
ہر سنگ میں شیشہ بھرا شیشہ میں پری ہے

جوں شیشہ ساعت ہیں تنگ ظرف جہاں کے
واں دل میں کدورت ہے تو یاں یاد بھری ہے

سو طرح سے دیتے ہیں اسے پیچ ہنر مند
مجھ سے نہیں ملتا یہ میری بے ہنری ہے

دل تنگ ہے یہ غنچۂ دل منہ نہ کھلانا
جوں نکہت گل اس میں تری پردہ دری ہے

ہے جوں مہ و خورشید زر و سیم سے پر وہ
تو بھی تو حریصوں کے تئیں دربدری ہے

لیتا ہے خبر وہ تو سبھی خلق کی لیکن
اپنے تئیں اے درد بہت بے خبری ہے

مجھ کو تجھ سے جو کچھ محبت ہے
یہ محبت نہیں ہے آفت ہے

لوگ کہتے ہیں عاشقی جس کو
میں جو دیکھا بڑی مصیبت ہے

بندۂ احکام عقل میں رہنا
یہ بھی اک نوع کی حماقت ہے

ایک ایمان ہے بساط اپنی
نہ عبادت نہ کچھ ریاضت ہے

آ پھنسوں میں بتوں کے دام میں یوں
درد یہ بھی خدا کی قدرت ہے

گل اگر سمجھے ہو بعضے بھید کچھ کہہ کر گئے
بلبلو کتنے ہی غنچے راز دل کہہ کر گئے

چشم عبرت اے یاران آئندہ رہو
پیش ازیں یک چند اس بستی میں ہم رہ کر گئے

آنسوؤں میں کچھ جگر کے بھی ہیں ٹکڑے بعض بعض
یہ نہیں معلوم لخت دل کدھر بہہ کر گئے

یہ نہ سمجھے دور ہی شاہانے سندیں بھی اٹھیں
زعم میں اپنے سلاطین آپ کو [illegible] کر گئے

کشتگانِ عشق کو ملیو خدا سے خوب درد
سخت صدمے بے بسوں کے ہاتھوں یاں سہہ کر گئے

شخص و عکس آئینہ میں جلوہ فرما ہو گئے
اس نے دیکھا آپ کو ہم اس میں پیدا ہو گئے

آئے تھے اس مجمع میں قصد کر کے دور سے
ہم تماشے کے لئے آپ ہی تماشہ ہو گئے

شیخ صاحب کچھ نہ پوچھو خلق ہے وہ پُر فساد
جس میں یاں اصلاح سے بھی فتنے برپا ہو گئے

آہ وہ وہ شخص جو دیتے تھے خبریں غیب کی
ڈھونڈتے پھرتے ہیں انکو لوگ وہ کیا ہو گئے

دل ہی کچھ تنہا خفا ہو کر نہ یاں سے پھر گیا
ہم بھی تو اے دردؔ چلنے کو مہیا ہو گئے

تہمتیں چند اپنے ذمے دھر چلے
جس لئے آئے تھے سو ہم کر چلے

زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا
ایک دم آئے ادہر اودہر چلے

دوستو دیکھا تماشا یاں کا بس
تم رہو اب ہم تو اپنے گھر چلے

آہ بس جی مت جلا تب جانئے
جب کوئی افسوں ترا اس پر چلے

ایک میں دل ریش ہوں ویسا ہی دوست
زخم کتنوں کے سنا ہے بھر چلے

شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم تر آئے تھے دامن تر چلے

ڈھونڈتے ہیں آپ سے اس کو پرے
شیخ صاحب چھوڑ گھر باہر چلے

ہم نہ جانے پائے باہر آپ سے
وہ ہی آڑے آگیا جیدہر چلے

ہم جہاں میں آئے تھے تنہا ولے
ساتھ اپنے اب اسے لیکر چلے

جوں سرائے ہستی ہے۔ لو دیاں
بارے ہم بھی اپنی باری بھر چلے

ساقیا یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

دردؔ کچھ معلوم ہے یہ لوگ سب
کس طرف سے آئے تھے کیدہر چلے

بات جب آنداز پڑتی ہے
تب کہیں تیرے کان پڑتی ہے

آتش عشق قہر آفت ہے
اک تجلی سی آن پڑتی ہے

آخر الامر آہ کیا ہوگا
کچھ تمہارے بھی دھیان پڑتی ہے

بات چڑھتی ہے دل پہ جو آخر
خلق کے پھر زبان پڑتی ہے

میرے احوال پر نہ ہنس اتنا
یوں بھی اے مہربان پڑتی ہے

شعر ہے اور ورد ہے یعنی
بات ہیں اور ہی جان پڑتی ہے

اک آن سنبھلنے نہیں اب میرے سنبھالے
بے طرح کچھ ان آنسوؤں نے پاؤں نکالے

جو کچھ کہ دکھاوے گا خدا دیکھیں گے ناچار
صدقے ترے اک بار تو منہ اپنا دکھا دے

ایسے سے کوئی اپنے تئیں کیونکہ بچاوے
دل زلفوں سے بچ جائے تو آنکھوں سے چھپالے

وہ سرخ لباس اس کے گلے میں نظر آیا
جس کے ہیں سحر دل میں پڑا اب تئیں چھالے

کب تجھ پہ گذرتا ہے کبھی میرا سا احوال
یوں چاہیے سو تو اور بھی کچھ باتیں بنالے

کیا جانئے کس دل کے تئیں آہ ڈسینگے
زلفوں نے تو بیطرح یہ اب چھوڑے ہیں کالے

پھر آگے قیامت ہے اگر اب بھی نہ آوے
مر مٹ کے جدائی کے دن اتنے ہیں نکالے

ابرو نے تیری جس طرف اب تیغ نکالی
مژگاں نے وہیں کر دیئے تب سامنے بھالے

وعدے کی تو مدت نہ کہی درد کچھ اس نے
اس غم کو بھلا کہئے کوئی کب تئیں ٹالے

غیر جو بے فائدہ ہاتھوں پہ گل کھایا کیئے
ہم بھی ناحق داغ اپنے دل کے دکھلایا کیئے

دل کی دل جانے مجھے شکوہ تو ملنے کا نہیں
گاہ گاہ ہے پاس میرے آپ تو آیا کیئے

دن تمہارے تو کٹے بارے خوشی سے ہر طرح
ہم بلا سے یاں پڑے راتوں کو گھبرایا کیئے

دل برا ہوتا ہے کوئی تجھ سے پر یوں ہے عبث
ہم سدا غیروں سے ملنا سن کے گھبرایا کیئے

چین تو ہم کو نہ آیا ایک ساعت اس بغیر
رات دن ہر چند اپنے دل کو بہلایا کیئے

دیکھنے پاتا نہیں ہے کوئی جس کی چھاؤں کو
لے چلی ہے آج ہم کو وہ پری سایہ کیئے

اپنے دروازہ تلک بھی وہ نہ آیا ایک بار
ہر گھڑی اٹھ اٹھ کے ہم جس کیلئے جایا کیئے

بالذوہ راتیں نہیں یا یہ کچھ دنوں کا پھیر ہے
ہاتھ اب لگتے نہیں تب پاؤں دبوایا کیجئے

تب ہمارے اسکے اب تک یوں بھی تھی دردیاں
بات ایسی ویسی ہم خاطر میں کم لایا کیجئے

ہؤا جو کچھ کہ ہونا تھا کہیں کیا جی کو رو بیٹھے
بس اب اک ساتھ ہم دونوں سے اچھا ہاتھ دھو بیٹھے

بساط اپنی میں تھے ہم آپ سو اب تو نہیں ملتے
نہ تھا کچھ اور اپنے پاس جو رکھتے تھے کھو بیٹھے

نہ پوچھو کچھ ہمارے ہجر کی اور وصل کی باتیں
چلے تھے ڈھونڈنے جس کو سو وہ ہی آپ کھو بیٹھے

وفا کی چھینٹ بھی تجھ پر پڑی ہرگز نہ اے ظالم
لگا تھا خون دامن سے سو وہ بھی آپ دھو بیٹھے

نہ اٹھو درد اپنے بستر سے طمع کر ہرگز
جو کچھ لیں غیب سے آوے سو تم اللہ لو بیٹھے

جو یاں کچھ چاہنے والے قریب یکدگر بیٹھے
ہم اپنا دل بغل میں دابے کر آہ کر بیٹھے

نہ پوچھو عشق کی سوزش نے عالم میں کیا کیا کیا
عجب طوفان اٹھائے ہیں کہ جس سے گھر کے گھر بیٹھے

محبت نے تمہاری دل میں بھی اتنا تو سر کھینچا
قسم کھانے لگے تب ہاتھ میرے سر پہ دھر بیٹھے

کوئی دن اور بھی ہم کو پھرا لے گردش دوراں
نہیں اٹھنے کے پھر ہرگز کہیں اک جا اگر بیٹھے

نہ آیا تھا پھرا جی میں سو اب تو کچھ کر دکھالی
کہ دن جتنے تھے وعدہ کے نہ ملنے سے ہی گھر بیٹھے

پرکھا کس لئے اتنا کوئی جانے جو کچھ جانے
سدا رہتے ہیں یوں تو لوگ یاں ایدھر ادھر بیٹھے

کوئی بیٹھا اس کنے یاں جا سکے ہے اسطرح چل دے
چلے تھے ہر گھڑی اٹھ اٹھ کے ہم اے درد پر بیٹھے

کبھو تو بیوفائی یاد آ جی کو ڈراتی ہے
کبھو امید وعدوں کی گھڑیاں دلاتی ہے

چھلاوا سا جو ہو جاتا ہے جلوہ وصل کا گاہے
جدائی پھر تو اک مدت وصل کیا کیا دکھاتی ہے

کبھو رونا کبھو ہنسنا کبھو حیران ہو رہنا
محبت کیا بھلے چنگے کو دیوانہ بناتی ہے

اگر ستم ہو تو بھی کب یہ صدمہ تھم سکے اس سے
تپش دل کی سنبھالوں یوں ولے میری ہی چھاتی ہے

پھرے ہے اس طرح جو آج تو اے درد تو یوں سا
بنا ہم کو کبھی تک بار دو کیا آفت کہ آتی ہے

ہر گھڑی ڈھانپنا چھپانا ہے
الغرض تو بھی دکھانا ہے

وصل سے بھی تو سیری ہوتی ہے — کہیں اس بات کا ٹھکانا ہے
دل لگاؤ کہ یا گلے ہی لگو — داؤ ہے یہ لگئے جو لگانا ہے
ترچھی نظروں سے دیکھنا ہر دم — یہ بھی اک بانکپن کا بانا ہے
یہی اپنی بھی کون کی باتیں ہیں — آ ہی جانا جدھر کو جانا ہے
واہ ری یہ زبان کی تیزی — ہر طرح کچھ نہ کچھ سنانا ہے

دیکھیئو کیجیو نہ بیدردی
درد کو بھی تو منہ دکھانا ہے

دل تجھے کیوں ہے بیکلی ایسی — کون دیکھی ہے اچپلی ایسی
سب بُرا کہتے ہیں تو کہنے دو — بات لائے ہو تم بھلی ایسی
وہ ملے گا تو ہم بھی ملتے ہیں — آپ لگ چلئے کیا چلی ایسی
خون ہوتا ہے دل کا یاں آؤ — مہندی پاؤں میں کیا ملی ایسی
اسکے گھر میں کدھر سے پہونچے جا — دل بتاوے کوئی گلی ایسی
مسکرایا خوشی سے وہ جس طرح — باغ میں کب کھلی کلی ایسی

درد گھبرا کے تو جو یوں چونکا
کیا اٹھی جی میں کھلبلی ایسی

کیف و کم کو دیکھ آسے بے کیف و کم کہنے لگے — جب حدوث اپنا کھلا راز قدم کہنے لگے
غیر کچھ کچھ کان میں بھی دمبدم کہنے لگے — بات تم اب اپنے دل کی ہم سے کم کہنے لگے
واہ وا قسمت کی مجبوری کو دیکھا چاہئے — وہ ہوئے بے پردہ تب ہم اس کو ہم کہنے لگے
غافلو تم بات اپنی بھی سمجھتے ہی نہیں — ہے کسی کا وہ دہن جس کو عدم کہنے لگے

بت پرستی کفریاں دل کی گرفتاری ہے درد
چاہئے جس کو لگے اس کو صنم کہنے لگے

دشوار ہوئی ظالم مجھ کو بھی نیند آئی — لیکن سنی نہ تونے ٹک بھی مری کہانی
منظور زندگی سے تیرا ہی دیکھنا تھا — ملتا نہیں جو تو ہے پھر کیا ہے زندگانی

محتاج اب نہیں ہم ناصح نصیحتوں کے
مرنے سے آگے کیا ہے مر جائینگے تو مر جائیں

ساتھ اپنے سب وہ باتیں لیتی گئی جوانی
بہتر نہ ملئے ہم سے گر یوں ہی جی میں ٹھانی

میرے غبار کا کچھ پایا نشاں نہ ہرگز
صحرا میں جا صبا نے ہر چند خاک چھانی

جب کہا میں کہ ٹک خبر لینا
ایک دم میں تو جی ہی جاتا ہے
تب لگا کہنے سچ یوں ہی ہوگا
میرے دل کی جو پوچھئے یہ ہے

دل پہ آفت نداں ہے پیارے
زیست اب کوئی آن ہے پیارے
کیا پر اس کا بیان ہے پیارے
جان تو اپنی جان ہے پیارے

مجھ سے مر جائیں گے تو مر جائیں
جان ہے تو جہان ہے پیارے

تیری گلی میں میں نہ چلوں اور صبا چلے
کسکی یہ موج حسن ہوئی جلوہ گر کہ یوں
ہم بھی جرس کی طرح تو اس قافلہ کے ساتھ

یوں ہی خدا جو چاہے تو بندہ کی کیا چلے
دریا میں جو حباب تھے آنکھیں چھپا چلے
نالے جو کچھ بساط میں تھے سو سنا چلے

کہ بیٹھیو نہ درد کہ اہل وفا ہوں میں
اس بیوفا کے آگے جو ذکر وفا چلے

جتنی بڑھتی ہے اتنی گھٹتی ہے
زلف کی کج ادائیاں دیکھو
آج ہے آہ کی ہوا کچھ اور

زندگی آپ ہی آپ کٹتی ہے
ہر گھڑی منہ سے جا لپٹتی ہے
دیکھئے کس طرف پلٹتی ہے

جو خرابی کہ درد میں پھیلی
وسعت قدرت سے کب سمٹتی ہے

گر نام عاشقی ترے نزدیک ننگ ہے
اس خانماں خراب کو لے جاؤں میں کہاں
تیری وحشتوں کو سمجھتا ہوں [illegible]

کرئیے نہ مجھ کو یاد تو پھر کیا درنگ ہے
دل پر تو یہ فضائے بیاباں بھی تنگ ہے
[illegible]

کرتا ہے اس قدر تو خفا درد کو عبث
ظالم وہ اپنی جان سے آپ ہی تنگ ہے

آہستہ گذریو تو صبا کوئے یار سے
ہیجیش نہ کیجیو مری مشت غبار سے

اس سنگدل کی وعدہ خلافی کو دیکھیئے
پتھرا گئی ہیں آنکھیں مری انتظار سے

سینے کو چاک صبح کے مانند گر کروں
جوں آفتاب نکلے مرا دل کنار سے

اے درد غیر کا نہیں شکوہ مرے تئیں
جو کچھ گلہ ہے مجھ کو سو ہے اپنے یار سے

دیکھو تو لگا ہیں آسے دیکھیئے مرتے مرتے
بالکل جائے گا جی نالے ہی کرتے کرتے

لا گلابی دے مجھے ساقی کہ یاں مجلس ہے
خالی ہو جائے ہے پیمانے کے بھرتے بھرتے

جو گیا کوچے میں اُس کے نہ پھرا ابد بھر کو
اے صبا جاتی تو ہے جائیو ڈرتے ڈرتے

درد جوں نقش قدم تھا سر راہ پر اس کے
مٹ گیا اوروں ہی کے پاؤں کے دھرتے دھرتے

آیا ہے ابر زور چمن میں بہار ہے
ساقی شتاب آ کہ ترا انتظار ہے

ظالم! سمجھ کے اپنی نظر پھینکیو کہیں
گذرا جدھر یہ تیر تو پھر وار پار ہے

رونا نہیں ہے شاہد مینا یہ بے سبب
گردن پہ اُس کی خون کسی کا سوار ہے

ناداں نظر سے اپنی گرا دے نہ درد کو
جو کچھ کہ ہے سو ہے یہ ترا دوستدار ہے

مدت ہوئی کہ ویسی عنایات رہ گئی
اب گاہ گاہ سیدھی ملاقات رہ گئی

یاں کون آشنا ہے ترا کس کو تجھ سے ربط
کہنے کو یہ بھی لوگوں کے اک بات رہ گئی

بازی نہ دی تھی اُس نے مری چشم تر کے ساتھ
آخر کو ہار ہار کے برسات رہ گئی

وہ دختِ رز کہ چھلتی پھرے ہے جہان کو
کہتے ہیں درد پاس بھی اک رات رہ گئی

گرچہ بیزار بھی ہے پر اسے کچھ پیار بھی ہے
ساتھ انکار کے پردے میں کچھ اقرار بھی ہے

زاہد اشرک خفی کی بھی خبر ٹک لینا
ساتھ ہر دانہ تسبیح کے زنار بھی ہے
چشم رحمت سے ادھر کو بھی نظر کیجیئے گا
اسی امید پہ آیا یہ گنہگار بھی ہے

دل بھلا ایسے کو لے درد نہ دیجے کیونکر
ایک تو یار ہے اور تس پہ طرحدار بھی ہے

جب نظر سے بہار گذرے ہے
جی پہ رفتار یار گذرے ہے
وہ زمانے سے باہر اور مجھے تو
رات دن انتظار گذرے ہے
جس کے تو ہو کے سامنے گذرا
آپ سے بار بار گذرے ہے

نالۂ زار درد کا ہر اک
چھوٹتے دل کے پار گذرے ہے

تو جو نکتا عبث ہے کسی بات کے لیئے
میں آ گیا ہوں صرف ملاقات کے لیئے
یوں ہی تمام جھگڑے ہی رگڑے میں ہو گئی
ہر دن خراب پھرنے تجھے جس رات کیلیئے
اگلے معاملہ کو اگر کیجیئے معاف
لگ جاؤں اب گلے سے مکافات کے لیئے

ہم جانتے ہیں درد اندھیرے میں رات کو
تو لگ رہا ہے کوچہ میں جس گھات کے لیئے

غمناکی بیہودہ رونے کو ڈبوتی ہے
گر اشک بجا ٹپکے آنسو نہیں ہوتی ہے
دم لینے کی فرصت یاں ٹک دی نہ زمانہ نے
ہم تجھ کو دکھا دینے کچھ آہ بھی ہوتی ہے
خورشید قیامت کا سر پر تو اب آ پہنچا
غفلت کو جگا دینا کس نیند یہ سوتی ہے

خورشید نہ تنہا ہے گردش میں زمانے کی
یاں اپنے دلوں کے تئیں شبنم بھی تو روتی ہے

جو ملنا ہے مل پھر کہاں زندگانی
کہاں میں کہاں تو کہاں تو جوانی
عجب خواب در پیش ہے پھر تو سب کو
سنا لو ٹک اب اپنی اپنی کہانی
دلاسا تو دے بجھ نہ ٹک جائے اس کو
تڑپتی ہے بے شک مری جانفشانی
بجاوے گا جب تک مرے جی میں جی ہے
ترا غم ہے پیارے مرا یار جانی

## ولہ

درد اپنے حال سے تجھے آگاہ کیا کرے
جو سانس بھی نہ لے سکے سو آہ کیا کرے

فرسودگی ہے رشتۂ تسبیح کا حصول
دل میں کسو کے آہ کوئی راہ کیا کرے

جس دل پہ بیوفائی معشوق کے سبب
یہ کچھ گذر چکا ہو وہ پھر چاہ کیا کرے

دل دے چکا ہوں اُس بُت کافر کے ہاتھ میں
اب میرے حق میں دیکھئے اللہ کیا کرے

آنکھوں کی رہ سے ہر دم اب خون دل رواں ہے
جو کچھ ہے میرے دل میں منہ پر مرے عیاں ہے

غنچہ ہے دل گرفتہ گل کا ہے چاک سینہ
گلشن میں ہے تو یہ کچھ آسودگی کہاں ہے

آہوں کی کشمکش میں کہیں دیکھیو نہ ٹوٹے
تار نفس سے اے دل وابستہ میری جاں ہے

گمنام اب جہاں میں مجھ سا نہیں ہے کوئی
عنقا کا نام تو ہے ہر چند بے نشاں ہے

دل تڑپتا ہے درد پہلو ہے
مرگ آ پہنچیو کہ قابو ہے

غم سے پہچانتا نہیں ہوں میں
کہ مرا سر ہے یا کہ زانو ہے

منع صہبا نہ کر مجھے اے شیخ
مے پرستوں کے حق میں دارو ہے

جلوہ گر ہے تجھی میں اے ذرے
جس کے خاطر تجھے تکاپو ہے

ہستی ہے سفر عدم وطن ہے
دل خلوت و چشم انجمن ہے

ہر چند کہ سنگ دل ہے شیریں
لیکن نہ بلا دِ کوہ کن ہے

دیکھا تو یہ شورش من و ما
ہنگامۂ وصل جان و تن ہے

مت جا تر و تازگی پہ اس کی
عالم تو خیال کا چمن ہے

تو وہ نالوں کی سوزش ہے نہ آہوں کی ہے وہ دھونی
ہوا کیا درد کو پیارے گلی کیوں آج ہے سونی

جلا کر دیکھ نامہ کو حقیقت گر نہیں پڑھتا
محبت کے شراروں نے یہ چھائی جسطرح چھونی

طپش کو دل کی میں سمجھا تھا یہ آنسو بجھا دینگے
ولے یہ آگ تو پانی سے بھڑکی اور بھی دونی

پڑی ہے خاک پہ یہ لاش اس رشک شہید کی
لہو کے آنسوؤں روتا ہے جس کو قتل کر خونی

تو اس قدر جو اس کا مشتاق ہو رہا ہے
کوئی بھی شخص اس کا مارا ہوا نہ جیتا
سیماب کشتہ کس کا ماء الحیات کیدھر
کس کے تئیں دیکھئے کس پر نگاہ کیجے
عہد شکن ہو خواہ وہ دل شکنی کیا کرے

کیا دل سے بھی زیادہ وہ آئینہ میں صفا ہے
دل مت کہیں لگانا الفت بری بلا ہے
گر جی کو مار سکئے اے درد کیمیا ہے
کھولیئے جس طرف نظر سمجھئے آہ کیجئے
اس کی طرف سے ہو نہ ہو آپ نباہ کیجئے

کعبہ کو بھی نہ جایئے دیر کو بھی نہ کیجئے قصد
دل میں کسو کے درد یاں ہووے تو راہ کیجئے

نے وہ بہار واں رہی نہ یاں ہم جواں رہے
آباد رکھیو خانۂ دنیا کو اے سپہر

ملئے پھر اس سے آہ یہ وہ دن کہاں رہے
یک چند ہم بھی اُن کے ہاں مہماں رہے

دل اپنے پاس گو کبھو رہتا نہیں ہے درد
پر ہے یہی دعا وہ رہے خوش جہاں رہے

اگر آہ بھرے اثر شرط ہے
بڑا عیب فاحش ہے انسان میں

وگر ضبط کرے جگر شرط ہے
پرکھنے کو اس کے نظر شرط ہے

قدم عشق میں درد رکھتا تو ہے
وہ جانے کہاں میں خبر شرط ہے

لخت جگر سب آنسوؤں کے ساتھ بہ گئے
کس کس طرح سے اس نے بھی سن سن کے ٹالیاں

کچھ پارہائے دل ہیں کہ پلکوں میں رہ گئے
ہر چند ہم بھی باتوں میں کچھ کچھ تو کہہ گئے

اس کی نظر میں درد تو یہ کچھ بات بھی نہیں
دانست میں ہم اپنی جو کچھ سن کے سہ گئے

یہ زاہد کہ خطا سے بے خطر ہے
علاج درد سر صندل ہے لیکن

اگر آدم نہیں تو بھی بشر ہے
ہمیں گھسنا ہی اس کا درد سر ہے

سراپا چشم ہوں جوں آئینہ پہ
کسو پر درد کب میری نظر ہے

کروں کس کے ساتھ اے شرر گرمجوشی
نہ دیکھی زمانے کی تو چشم پوشی
خبر اپنی لے اے گلستان خوبی
کرے ہے تبسم ترا گل فروشی

بہت مست ہے بوئے نرگس چمن میں
کسو کی تو آنکھوں نے کی بادہ نوشی

جگر پہ داغ نے میرے یہ گلفشانی کی
کہ اس نے آپ تماشے کو مہربانی کی
مری سی نالہ تراشی نہ کر سکا فرہاد
اگرچہ اُس نے بھی اک عمر تیشہ رانی کی

ہم اپنی عمر میں دنیا سے ہو گئے بیزار
عجب ہے خضر نے کیونکر کہ زندگانی کی

دل سمت سینہ یا طرف سر کو منہ کرے
چھوڑ اپنے در دیکھئے کیدھر کو منہ کرے
کیا کم ہے مرغ قبلہ نما سے یہ مرغ دل
سجدہ اُدھر ہی کیجئے جدھر کو منہ کرے
اس کے تئیں بھی دختر رز ٹک تو منہ لگا
میں جانوں پھر یہ زاہد اگر گھر کو منہ کرے
مستا لکھیو تو اس میں کہ مشہود کون ہے
ہر مرتبہ میں دیکھیو موجود کون ہے
دونوں جگہ ہیں معنی مولا ہی جلوہ گر
غافل ایاز کون ہے محمود کون ہے

تجھ پر کھلا ہے راز الیہ المصیر اگر
ہر فعل تو سمجھیو کہ مقصود کون ہے

## ولہ

اک خلق سینہ مست ہے بیخبری سے
کس زلف کی تو نکہت ہے نسیم سحری ہے
ہر آہ شرر بار ہے جوں سرو چراغاں
کیا آگ الٰہی میرے سینہ میں بھری ہے
غافل تو کدھر بہکے ہے ٹک دل کی خبر لے
شیشہ جو بغل میں ہے اسی میں تو پری ہے

## رباعیات

جان تو اک جہان رکھتا ہے
کون میری سی جان رکھتا ہے

تیرے بیڈھنگ اور تجھ سے میاں
نہیں چھوڑتی قید ہستی مجھے
زمانے نے اے درد جوں گردباد
کیا جانئے کیا دل پہ مصیبت یہ پڑی ہے
اس طرح سے اک لخت جو آنسو نہیں تھمتے
بس ہے یہی مزار پہ میرے کہ گاہ گاہ
اے درد کیا عجب ہے کبھی اشک آہ سے
آیا نہ چین جی کو نہ دل سے تپک گئی
اب کون حال دل کہے اس مست ناز سے
دل ہی بے قرار نہ ہووے تو کیا کرے
عاشق تو جانتا ہی نہیں اور کون ہے
نہ ملئے یار سے دل کو تو کب آرام ہوتا ہے
یہ حسن و عشق مل جھیں گے آپس میں کچھ ہوگا
یہی پیغام درد کا کہنا
کون سی رات آن ملئے گا
ہمارے جامۂ تن میں نہیں کچھ اور بس باقی
یکایک عشق کی آتش کا شعلہ اس قدر بھڑکا
گلزار جہاں کا گھر یہ ہیں جو کہ کہئے ہوش ہے
وحشت خاموشی کہ کچھ کہنے نہ پا سکتے ہیں لب
گر جان ہے تو جان کے آزار ساتھ ہے
دنیا وہ قافلہ ہے کسو سے نہیں بچی
پوچھ مت قافلۂ عشق کدھر جاتا ہے
گویا چٹکتا ہے مرا نالہ ہیئوں کے دل سے

درد کیا کیا گمان رکھتا ہے
اگر کھینچ لے جائے مستی مجھے
دکھائی بلندی و پستی مجھے
اک آگ سی کچھ ہے کہ وہ سینے میں گڑی ہے
معلوم ہوا درد کہیں آنکھ لڑی ہے
جائے چراغ کوئی دل مہرباں جلے
ڈوبے اگر زمین و گر آسمان جلے
میں چپ رہوں کہاں تئیں چھاتی تو پک گئی
اک آہ تھی سو وہ بھی سر اپنا پٹک گئی
اپنا جب اختیار نہ ہووے تو کیا کرے
اس کو ترا اعتبار نہ ہووے تو کیا کرے
اگر ملئے تو مشکل ہے کہ وہ بدنام ہوتا ہے
پر ان دونوں کے جھگڑے میں اپنا کام ہوتا ہے
گر کوئی کھٹے یار میں گذرے
دن بہت انتظار میں گذرے
گریباں میں ہے مثل صبح اک تار نفس باقی
نہ چھوڑا اس زمین دل میں کوئی خار و خس باقی
ہمنے دریا میں بھی دیکھا بلبلوں کا جوش ہے
جسنے اس لذت کو پایا ہے سدا خاموش ہے
یاں زندگی کے ہر دن دشوار سا لگتا ہے
دیکھا جسے تو اس کے یہ طور دار سا ہے
راہرو آپ سے اس رہ میں گذر جاتا ہے
کچھ نہ کچھ کام تو اپنا بھی یہ کر جاتا ہے

گر معرفت کا چشم بصیرت میں نور ہے
تو جس طرف کو دیکھئے اس کا ظہور ہے

آتی ہے دل میں اور ہی صورت نظر مجھے
شاید یہ آئینہ بھی کسی کے حضور ہے

نہ کچھ غیرت سے کام نے یار سے
کہیں چھوٹوں اس دل کے آزار سے

مجھے دیکھے دشنام کہنے لگا
نہ ہوگا خوش اب بھی تو بیزار ہے

غیر اس کوچے میں اب دیکھا تو ہم آنے لگے
تیری خاطر میں کبھو شاید کہ ہم آنے لگے

کون ایسا آرہا ادھر کہ تم اس کی طرف
آنکھ پھرنے لگے تجھے کبھو یا دم بدم آنے لگے

## افراد

سلجھی بات جن طرحوں میں ہم ویسا ہی سلجھانے
یہ الجھیرا نظر آتا نہ اپنا دل نہ الجھانے

گل کھل گئے تجھے جنہوں نے وہ گل کچھ نہ کچھ کھلے
پروا ع اپنے دل کے تو سب خاک میں ملے

گر نہاں ہے تو تو ہے وگر عیاں تو ہے
غرض کہ دیکھ لیا میں جہاں نہاں تو ہے

دل کو سب قیدوں سے اس وقت میں آزادی ہے
مر چکے اب نہیں غم ہے نہ کچھ شادی ہے

یارب سپہر اتنی تو اب درگذر کرے
کوئی خانماں خراب کسی دل میں گھر کرے

اس تیغ آبدار کا گر یہ ہی وار ہے
پیارے تو زخمیوں کا ترے بیڑا پار ہے

مرا تو جی نہیں رہتا ہے نت جہاں تو ہے
اگرچہ میں یہ نہیں جانتا کہاں تو ہے

نہ مرتے ہیں نہ نیند آتی نہ وہ صورت بسرتی ہے
یہ جیتے جاگتے ہم پر قیامت سب گذرتی ہے

نہ یہ قصہ سکندر کا نہ مذکور سلیمانی
ہماری بزم میں ہوتا ہے اور ہی ذکر سلطانی

از بسکہ جہاں نقش فنا کا ہی نگیں ہے
دل جس سے لگا پھر اسے دیکھا تو نہیں ہے

طلسم ہستی موہوم دل پر سخت چنبر ہے
برنگ عکس تجھ کو آئینہ سد سکندر ہے

نہیں گر ہٹے دل سے کفر آثار ہو جائے
اگر عقدے کھلیں تسبیح کے زنار ہو جائے

تری آنکھیں دکھا دیجے تو نرگس مست ہو جائے
اگر دیکھے یہ قامت سرو گلشن پست ہو جائے

نالہ ہے سو بے اثر او آہ بے تاثیر ہے
سنگدل کیا تجھ کو کہئے اپنی ہی تقدیر ہے

تجھ بن کیا کہوں تجھ سے کس طرح کٹے ہے
نے دن ہی گذرتا ہے نہ یاں رات کٹے ہے

کیجے کیا آہ کدھر جایئے
چھوٹئے اس دکھ سے جو مر جایئے

اس طرح جی میں سانس کھٹکے ہے
سانس ہے یا کہ پھانس کھٹکے ہے

مشابہ کوئی ان آنکھوں سے کم ہے
یہ نرگس ہے سو مرفوع القلم ہے

عبث دل بیکسی اپنی پہ تو ہر وقت روتا ہے
نہ کر غم اے دوانے عشق میں ایسا ہی ہوتا ہے

بت پرستی ہے اب نہ بت شکنی
کہ یہاں تو خدا سے آن بنی ہے

نہیں ہے بے سبب یہ خندۂ دنداں نما ہر دم
کسو کے تو لہو پینے پہ یعنی دانت لگتا ہے

زبس درد جدائی نے تیری بندوں کو مارا ہے
اگر آزار بھی ہوتا ہے تو وجع مفاصل ہے

دیکھ کر رخسار تیرے کی صفا
آئینہ کی یاں اکھڑتی ہے قلعی

## رباعیات متفرق

مدت تئیں باغ و بوستاں کو دیکھا
یعنی کہ بہار اور خزاں کو دیکھا
جوں آئینہ کب تلک پریشاں نظری
اب موند لے آنکھ بس جہاں کو دیکھا

دیکھا ہے میں نے زندگی کا جیسے سپنا
〃 جلنا ہے سدا ہی تجھ کو تب ہے کھپنا
تقصیر معاف تب ہی ہوگی اے درد
جوں شمع کروں گا جب قدمبوس اپنا

اے درد یہ کون صبر کو لوٹ گیا
〃 یوں تجھ سے جو ضبط یک بیک چھوٹ گیا
کیا تجھ پہ مصیبت پڑی ایسی ظالم
کہ تو بھی جی دھمکا کہ دل ٹوٹ گیا

عاشق تجھ کو جو ٹھہر نہ پانا ہوگا
〃 کیا کیا کچھ اس کے دل میں آنا ہوگا
اوروں سے بھی تجھ کو تو خوشی حاصل ہے
تیرا جی دوں بھی بہل جانا ہوگا

پیدا کرے ہر چند تقدس بندہ
〃 مشکل ہے کہ ہو حرص سے دل برکندا
جنت میں بھی اکل و شرب ہے کب بجا
دوزخ کا بہشت میں بھی ہوگا دھندا

اے درد یہ بیکسانہ جو آ کر دیکھا
〃 کچھ تو ہی بتا کہ دل لگا کر دیکھا
مانند حباب اٹھ گئی صف کی صف ہے
ہم نے تو جدھر آنکھ اٹھا کر دیکھا

ہم نے بھی کبھو جام و سبو دیکھا تھا
یہ کچھ کہ نہیں ہے سو بہ رو دیکھا تھا
ان باتوں کو اب جو غور کرتے ہے اے درد
کچھ خواب سا تھا کہ جو کبھو دیکھا تھا

موند آنکھ سدا لب تئیں دن ٹالے گا | وله | غفلت کے تئیں بغل میں یوں پالے گا
اے درد مراقبہ تو کرتے ہو ولے | | ٹک اپنا گریباں میں سر ڈالے گا

کس کا کون کیا کسو سے کہنا | 〃 | اپنا اپنا ہر ایک کا ہے کہنا
گذرے اب اس طرح سے اپنی اے درد | | رونا چپکے پڑے اکیلے رہنا

یا رب مقصود خلق کیا میں ہی تھا | 〃 | ایسا تحفہ جہاں میں پایا میں ہی تھا
کچھ کام ظہور میں نہ آیا مجھ سے | | بس تجھ کو یہ مجھ سے مدعا میں ہی تھا

آرام نہ دن کو بے قراری کے سبب | 〃 | نے رات کو چین آہ و زاری کے سبب
واقف نہ تھے ہم تو ان بلاؤں سے کبھو | | یہ کچھ دیکھا سو تیری یاری کے سبب

کیا فائدہ گر باز ہے یاں دیدۂ سر | 〃 | نت پردۂ چشم دل ہے کوری دگر
جوں آئینہ ہر چند کھلی آنکھ ولے | | آتا ہے نظر میں عیب اپنا جوہر

یوں دیکھ کے اپنے غم سے مجھ کو رنجور | 〃 | کہتا ہے سمجھ تو سہی گر کچھ ہے شعور
اتنا بھی نہ مر کوئی دنوں جیتا رہ | | ملنا ہے تجھے پھر بھی جو مجھ سے منظور

اے درد اگرچہ میں ہے جوش و خروش | 〃 | رہتے ہیں ولے اہل تأمل خاموش
سو جوں کو شراب کی وہ پی جاتے ہیں | | گرداب کے مانند جو ہیں دریا نوش

اے درد یہ درد جی سے کھونا معلوم | 〃 | جوں لالہ جگر سے ہاتھ دھونا معلوم
گلزار جہاں ہزار پھولے لیکن | | میرے دل کا شگفتہ ہونا معلوم

اے درد بہت کیا پر دیکھا ہم نے | 〃 | دیکھا تو عجب جہاں کا لیکھا ہم نے
بینائی نہ تھی تو دیکھتے تھے سب کو | | جب آنکھ کھلی تو کچھ نہ دیکھا ہم نے

غم کھاتے ہیں اور آنسو نت پیتے ہیں | 〃 | دن رات مجھے عجب طرح بیتے ہیں
گذرے ہے جو کچھ کہ گذرے ہے کیا کہیے | | پر تحفگی یہ کہ اب تلک جیتے ہیں

جب سے توحید کا سبق پڑھتا ہوں | 〃 | ہر حرف میں کتنے ہی ورق پڑھتا ہوں

اس علم کی انتہا سمجھنا آگے
اے درد ابھی تو نام حق پڑھتا ہوں

اے درد سبھوں سے برملا کہتا ہوں
توحید نہیں چھپا چھپا کہتا ہوں
ملا کو بھی اس میں نہیں چاہیئے انکار
بندہ بندہ خدا خدا کہتا ہوں

دریا پہ عبث جاتے ہے ساقی سے کہو
لے آئینہ دیکھ ظالم اس عالم کو
آنکھیں تری یوں نشہ سے جاتی ہیں چڑھی
جوں کشتی چڑھاؤ پہ کھنچی جاتی ہو

کی بہت طریق زہد میں عمر تباہ
اب کیجیئے دل کو معرفت سے آگاہ
جوں کوچہ سوا اک اسی میں دیکھا
کوچہ ہے یہ سربستہ نہیں اسمیں راہ

کب جی میں ہو دنیا کی طلب بیٹھ سکے
جس دل میں ہوس ٹھہری ہو کب بیٹھ سکے
لیکن شہرۂ حق سے ہوتی ہے نصیب
اٹھ جائے نظر سے خلق تب بیٹھ سکے

مت پوچھ کہ میں نے عمر کیونکر کاٹی
جس طرح سے کٹ گئی یہ ذلّ کر کاٹی
کس واسطے چاہیئے پرکھا اتنا
دو روز کی زندگی ہے جوں کر کاٹی

ہر بت کے لئے کب تئیں مرتے رہئے
کب تک یہ کفر دل میں بھرتے رہئے
اب درد جو کچھ کہ زندگی باقی ہے
اللہ کو اپنے یاد کرتے رہئے

اے بحر علوم سب کو باری باری
ہے تجھ سے ہی اب حصول فیض باری
تا حشر تری مریدی و پیری کا
جوں موج یہ سلسلہ رہیگا جاری

آزادی معرفت نے اے درد کبھی
عقدہ نہ کیا قبول جی پر کوئی
کیوں اپنی اٹک رہی ہے اے قید حیات
یہ بھی جو گرہ سی ہے سو کھل جائے کبھی

پیری چلی اور گئی جوانی اپنی
اے درد کہاں ہے زندگانی اپنی
کل اور کوئی بیاں کرے گا اس کو
کہتے ہیں اب آپ ہم کہانی اپنی

یا اس نے ہی کچھ رسم تغافل کم کی
تاثیر بڑی ہے یا کہ اپنے غم کی
رونے کو مرے تولے ہے وہ نظروں میں
اس گوہر اشک کی بھی رتی چمکی

تیرے لئے درد کو کسی سے نہ بنی
بہتیروں نے چاہا پہ سبھی سے نہ بنی
یہ خانہ خراب رفتہ رفتہ آخر
ایسا بگڑا کہ اپنے جی سے نہ بنی

جوں کال سے بان نال کی پیدائی ہے
زدن نال سے کال کی شناسائی ہے

دیکھی تنزیہ اور تشبیہ تمام — وہ اُس کے پاس یوں ہی کام آئی ہے
کچھ آپ ہی گرا کے آپ ہی کچھ جیتا ہے — کستا ہے کچھ آپ آپ ہی سنتا ہے
اے درد ہمیشہ یہ دل دیوانہ — کیا کچھ ادھیڑتا ہے اور بنتا ہے
عاشق ہوئے جس کے اس کے محبوب بنے — دلخواہ سب اس کے ساتھ اسلوب بنے
تس پر بھی جو کچھ بنی سو دیکھی تم نے — بس درد خدا سے اب تمہیں خوب بنے

## رباعی مستزاد

اے درد شب قدر ہے ہر زلف سیاہ — گر دل سے ہے راہ
ہر خط میں لکھی ہوئی ہیں آیات خدا — کر ٹک تو نگاہ
جوں آئینہ حیران ہوں میں سر تا پا — ہے عشق گواہ
آتا ہے نظر حسن میں جلوہ کیا کیا — اللہ اللہ

## مستزاد

گر شوق ہے جی میں حق کے پہچاننے کا — ابرام کرو
کہتا ہوں سخن چھوٹا سا پر ماننے کا — اک کام کرو
ہے غیر اگر تم میں تو لازم ہے تمہیں — پہچانو اسے
اور تم ہی ہو تو فائدہ کیا جاننے کا — آرام کرو
کبھی تم کو بھاوت ہیں اور کبھی تو سکھ پاوت ہیں
یہ پھلواری درد ہمیں کچھ اور سمو دکھلاوت ہیں
کلیاں من میں سوچت ہیں جو پھول کوئی کملاوت ہیں
جوں واگو بہت گیو ہے وا دن ہونکو آوت ہیں

## مخمسات

باطن سے جنہوں کے تئیں خبر ہے — ظاہر پہ انہیں تو کب نظر ہے

پتھر میں بھی عشق کا اثر ہے
اس آگ سے سوختہ جگر ہے

ہر سنگ میں دیکھ تو شرر ہے

خاموش نہ ہو ترک گفتگو کر
باطن کے صفا کی جستجو کر
حیرت میں وصال آرزو کر
آئینۂ دل کو روبرو کر

دیدار نصیب ہر نظر ہے

ہستی نے کیا ہی گرم بازار
لیکن ہے یہاں نگاہ درکار
سختی سے نہ رکھ قدم تو زنہار
آہستہ گذر میان کہسار

ہر سنگ دکان شیشہ گر ہے

دیدار نما ہے شاہد گل
اور زلف کشا عروس سنبل
جب دل نے مرے کیا تامل
تب پردۂ رنگ و بو گیا کھل
دیکھا تو بہار جلوہ گر ہے
نزدیک و بعید ہے برابر
مت ہو وہم یاس سے مکدر
آئینہ وہم ہے سراسر
مانند نگہ نکل تو باہر
تیرے تئیں تجھ تلک سفر ہے
ہر عجز میں کبریا ہے محجوب
ہر نقص میں ہے کمال مطلوب
کوئی نہیں ہے جہاں میں معیوب
آتے ہیں مری نظر میں سب خوب
گر عیب ہے پردہ ہنر ہے
اے پیرو رموز کبریائی
کب سمجھے ہے زاہد ریائی
بے عجز نہیں ہے واں رسائی
ہے تجھ کو جہاں پہ پرکشائی
پرواز شکستہ بال و پر ہے

ہم وحشیوں کے دل میں کچھ اور ہی امنگ ہے
وحشت بھری ہے اور اور ہی ترنگ ہے
ان گم شدوں کے آگے تو عنقا بھی ننگ ہے
اہل فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے

لوح مزار بھی مری چھاتی پہ سنگ ہے

نے فکر صبح کی نہ غم شام تھا ہمیں
نے شوق بادہ تھا نہ سر جام تھا ہمیں
جب تک عدم میں تھے عجب آرام تھا ہمیں
اس ہستی خراب سے کیا کام تھا ہمیں

اے نشۂ ظہور یہ تیری ترنگ ہے

| | |
|---|---|
| نے پاں ہوائے آب ہے نے حرص نان کی | نے وحشت سفر نہ ہوس ہے جہان کی |
| زاہد یہ باتیں سب ہیں ترے امتحان کی | فارغ ہو بیٹھ فکر سے دونوں جہان کی |

خطرہ جو ہے سو آئینہ دل پہ زنگ ہے

## دیگر

| | |
|---|---|
| کئی قیمت میں اسکے پاس نقد دین کو لائیے | کئی دنیا دکھاتے ہیں کہ لوں سودا یہ بیچائے |
| ہمیں یہ سوچ ہے وہ خود فراموش ابد سر اگر آئے | براہ اوج در بازیم نے دیبے نہ دنیائے |

ولے داریم اندوہے سرے داریم و سودائے

| | |
|---|---|
| مگر ان بیوقوفوں نے محبت سہل جانی تد | ہوس کرتا ہے تیرے عشق کی ہر ایک ٹیک بد |
| ولے یہ شعلہ سرکش تو یوں گرمی کرے ہے کد | بنازم چشم داغت را عجب بینائے وارد |

بغیر از سینۂ پاکاں ندیدم خوش کند جائے

## دیگر

| | |
|---|---|
| سناتی ہے مجھے ہر لحظہ کج ادائی دوست | کرے ہے دشمنی اب مجھ سے آشنائی دوست |
| بڑھی ہے اور طرف جا کے دلربائی دوست | یہ تو بھی دل میں ہے تیرے ہی صفائی دوست |

وفا مری نہیں دیکھے ہے بیوفائی دوست

| | |
|---|---|
| مجھے تو نزع میں گذرا ہے صبح سے تا شام | کہاں اب جو شام ہوئی صبح تک کسے آرام |
| غرض کہ مجھ کو ہوئی زندگانی تلخ تمام | کہے ہے سن کے مرا حال وہ مجھے کیا کام |

لگا وہ کیجیو تک رنگ بیوفائی دوست

## ترکیب بند

| | |
|---|---|
| شاہنشہ ملک کفر و دین تو | ہے تخت نشین دل نشین تو |
| ہوں لفظ بمعنی آشنا میں | ہے معنی لفظ آفریں تو |
| اے زیور دست غیب سر پا | انگشت نما ہے جوں نگیں تو |

کافر ہوں نہ ہوں جو کافر عشق — ہے نازِ بتاں نازنیں تو
دشمن ہے کہاں کدھر کو ہے دہشت — ہے گرمیٔ بزم مہر وکیں تو
ویرانیٔ وادیٔ گمان تو — آبادیٔ خانہ یقیں تو
ہیہات جہاں یہ کور چشماں — ڈھونڈے ہیں تجھے تو ہے یہیں تو
کرتا ہے یہ کون دیدہ بازی — گر روشنیٔ نظر نہیں تو
تو ہی تو ہے دل کی بے حجابی — ہے پردۂ چشم سرگیں تو
معشوق ہے تو ہی تو ہی عاشق — عذرا ہے کدھر کدھر ہے وامق
ہیں منتظر دم صبا ہوں — جوں غنچہ گرفتہ دل بنا ہوں
اک عمر گذر گئی سمجھتے — معلوم کیا نہ میں نے کیا ہوں
تنکا بھی تو ہل سکا نہ مجھ سے — شرمندۂ جذب کہربا ہوں
بیگانہ جو مجھ سے یار ٹھہرے ہے — تقصیر یہ ہے کہ آشنا ہوں
موجود نہ پوچھے کچھ وہ کافر — گر آوے خدا بھی میں تو کیا ہوں
اپنی تو کھوے تیرہ بختی — ہر چند کہ سایۂ ہما ہوں
بے دل تو نہ کر مجھے سمجھ ٹک — میں ہی تو بساط میں رہا ہوں
مشکل ہے مجھے کہیں رسائی — کوتاہیٔ طبع نارسا ہوں
پائی نہ گل وفا کی بو بھی — اس باغ میں جا بجا پھرا ہوں
آئندہ نہ کیجئے محبت — دنیا ہے نپٹ ہی جائے عبرت
میرے دم سرد سے نہیں دور — خورشید اگر ہو قرص کافور
ہوں داغ میں زخم دل کے ہاتھوں — بہتا ہی رہا سدا یہ ناسور
پوچھے کوئی جس کی بات مجھ سے — کرتا ہے مجھے ترا ہی مذکور
ہے زخم یہ ترا کہ روز و شب یوں — رکھتا ہے ہمارے دل کو معمور
ایذا میں ہے دیکھ کیا حلاوت — بے نوش نہیں ہے نیش زنبور
یاں کھولیو تو سمجھ کے آنکھیں — شمع مجلس ہے شعلہ طور

اتنا نہ ہوا میں آڑ سلیمان
کچھ تخت سے کم نہیں پہ مور

قائل نہیں اختیار کا میں
بندہ ہے سمجھ میں اپنی مجبور

تو عشق کے رنگ کی سیر کر ٹک
واصل ہے کوئی کوئی ہے مہجور

پروانہ و شمع جل گئے یوں
ہیں بلبل و گل جدا جدا دوں

اس زیست کا اعتبار کیا ہے
کوئی دم میں یہ زندگی ہوا ہے

گذرا ہے نظر سے ایک عالم
یہ چشم نہیں ہے نقش پا ہے

ظالم ٹک ادھر تو دیکھ لے تو
کوئی پل میں خدا ہی جانے کیا ہے

ڈھاتا تو ہے دل کے تئیں و لیکن
تو جان یہ خانہ خدا ہے

ہے دیدنی ہی حاصل چشم
عقدہ یہ حباب پر کھلا ہے

ظاہر ہے تجھی سے تو یہ عالم
تو مجھ کو بتا کہیں چھپا ہے

دنیا سے امید پائداری
یہ وہم ترا کہ پھر گیا ہے

جوں آئینہ منہ کسی سے مت پھیر
تیرے دل میں اگر صفا ہے

کچھ پائی خبر نہ میں نے دل کی
کس کے خیال میں وہ گیا ہے

ہے میرے تئیں سراغ دل کا
پھرتا ہوں لئے یہ داغ دل کا

مت کہہ کہ فلک میں ہے بڑا ڈھنگ
کس کا ہے سمجھ تو ٹک یہ نیرنگ

اے رشک بہار ہے تجھی سے
ہیں روئے زمیں پہ آب اور رنگ

برعکس سمجھ صفا کو اس کی
آئینہ کے دل میں ہے بھرا زنگ

اے شیشہ گراں نہیں یہ مینا
پگھلا ہے شراب پر دل سنگ

کرتا ہے تو صلح غیر سے تو
ہم سے ہے مگر ارادہ جنگ

حیرت کا مری تو یہ اثر ہے
وہ بھی مجھے دیکھ رہ گیا دنگ

ہیں ہیچ جوں خیال کی طرح واں
گر مجھ سے ہو تو ہزار فرسنگ

کرتا ہے یہ دل تو روز نالے
ہے نے سے زیادہ تر خوش آہنگ

ہیں غنچۂ دل گرفتۂ دل
تو عقدہ کشائے خاطر تنگ

جوں خم مجھے تو شگفتہ دل رکھ  مت تیغ سے اپنی منفعل رکھ
عاشق ہے اور اضطرار کرنا  اک خانہ کہیں قرار کرنا
ہم بھی ہیں امیدوار ہو کے  ادھر بھی صبا گذار کرنا
اے عشق قسم ہے قتل گہ ہیں  پہلے تو ادھر ہی وار کرنا
دل اس کی گلی کو جب چلے تو  میرا بھی تلک انتظار کرنا
مینا کو نہ توڑ محتسب تو  میرے تئیں سنگسار کرنا
ظالم ہیں تری یہ چشم قاتل  عاشق سے انہیں نہ چار کرنا
ہو میرے سوا یہ کس سے ناحق  اپنے تئیں یوں نزار کرنا
اے وعدہ خلاف کب تلک یہ  بے فائدہ انتظار کرنا
آشفتہ دلوں کو مت ستانا  زلفوں میں نہ دیکھ شانہ کرنا
وابستہ ہے اُن سے مُو بمُو دل  مت ٹوٹ پڑے کوئی کبھو دل
مدت تئیں عشق دل پہ در تھا  دیکھا تو محبت کا دردسر تھا
آنکھوں نے جو ہر کی تیز باڑھی  تھا دل ہی مرا کہ واں سپر تھا
زخمی نہ بچا تری نگاہ کا  جو زخم تھا سو وہ کارگر تھا
ہو سامنے کون اُس مژہ کے  میرا ہی تو یہ دل و جگر تھا
پوچھا میں کہ دل کو کیوں اجاڑا  کہنے لگا خوب اپنا گھر تھا
ہیں ہم بھی صبا ترے تو ہمراہ  مدت سے ارادہ سفر تھا
اے نالہ پھرے ہے کیوں بھٹکتا  تجھ میں بھی کبھو تو کچھ اثر تھا
کیوں ردّ و قبول میں ہے جھگڑا  تجھ میں نہ تو عیب نے ہنر تھا
اے درد جہاں کہیں میں دیکھا  وہ یار مرا ہی جلوہ گر تھا

خاموش ہو مت جتا کسو کو
آتا ہے نظر خدا کسو کو

## مطبوعات دوکان شیخ مبارک علی تاجر کتب اندرون لوہاری دروازہ لاہور

| نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|
| فریاد امت - بروضۂ خاتم نبوت | ۳ر | مقامات حمیدی - فارسی | عمہ |
| نالۂ یتیم - دردانگیز نظم ،، | ۲ر | ،، ترجمہ اردو | عمہ |
| قصائد قاآنی - ردیف الف - ب | | غزلیات نظیری نیشاپوری | [illegible] |
| مشمولہ امتحان منشی فاضل | عہ ر | مثنوی زہر عشق ،، | ۴ر |
| رباعیات ابوسعید ابوالخیر ،، | عمہ | شکوۂ ہند - از مولانا حالی | ۲ر |
| رباعیات سحابی استرآبادی - جو کہ بی اے | | چُپ کی داد - ،، | ۲ر |
| فارسی کورس کا ایک حصہ ہیں | ۸ر | مسدس حالی ،، | ۸ر |
| مرد خسیس - فارسی ڈرامہ ،، | ۱۲ر | ترجمہ و شرح رباعیات ابوسعید ابوالخیر | ۱۲ر |
| حدائق البلاغت - سفید کاغذ | ۱۲ر | خلاصۂ شعر العجم حصہ سوم ،، | ۶ر |
| | | حصہ چہارم ،، | ۸ر |
| ابوالفضل دفتر اول و سوم ،، | عمہ | حصہ پنجم ،، | ۴ر |
| ابوالفضل دفتر اول کا ترجمہ ،، ،، | | پرشین کمپوزیشن ،، ،، | عہ ر |
| مکتوبات علامی ،، ،، ،، | عہ ر | لمعات اوج گیاوی | ۶ر |
| تاریخ جہانکشائے نادری ،، ،، | [illegible] | المامون - مولانا شبلی | عمہ |
| مخزن اسرار نظامی ،، ،، | ۱۰ر | الفاروق ،، [illegible] | عمہ |
| حکیم نباتات - فارسی ڈرامہ | ۴ر | اردوئے معلی - مرزا غالب مرحوم | [illegible] |

المشتہر

شیخ مبارک علی تاجر کتب لوہاری دروازہ لاہور